روزنامہ
MUAWAN-E-WUAKLA
معاون وکلاء
پاکپتن
بانی
علی ہادی کوثر
چیف ایڈیٹر
سیدہ عاقبہ بتول
ایڈیٹر
روحیل اکبر
جلد نمبر 3 | پیر 10 اگست 2026ء | 26 صفر 1448ھ | 26 ساون 2083 ب | شمارہ نمبر 83

افغان طالبان کا دعویٰ مسترد، پاکستان سے اسلحہ اسمگلنگ کا الزام بے بنیاد — عطا تارڑ

افغانستان امریکی و اتحادی افواج کے انخلا کے بعد چھوڑے گئے جدید ہتھیاروں اور فوجی سازوسامان کی بڑی مقدار پہلے ہی رکھتا ہے

افغانستان میں کئی دہائیوں کے تنازعات سے جمع شدہ سوویت دور کے ہتھیاروں کے بڑے ذخائر بھی موجود ہیں، ترجمان

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے وہاڑی کے ارکان صوبائی اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سے افغانستان میں ہتھیاروں کی مبینہ اسمگلنگ کا افغان طالبان کا دعویٰ بے بنیاد اور حقائق کے منافی قرار دے دیا گیا۔ پاکستان کی وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ دعویٰ مسلمہ حقائق کے منافی اور عالمی توجہ اصل مسئلے سے ہٹانے کی کوشش ہے، افغانستان امریکی و اتحادی افواج کے انخلا کے بعد چھوڑے گئے جدید ہتھیاروں اور فوجی سازوسامان کی بڑی مقدار پہلے ہی رکھتا ہے۔ وزارت اطلاعات و نشریات نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 2)

غزہ، تباہ شدہ رہائشی عمارت کے ملبے سے 19 لاشیں برآمد

یہ کارروائی لاشوں کی بازیابی کے منصوبے کے دوسرے مرحلے کا حصہ ہے

غزہ: (مانیٹرنگ ڈیسک) سول ڈیفنس کی خصوصی ریسکیو ٹیموں نے مغربی غزہ شہر میں تباہ شدہ رہائشی عمارت کے ملبے سے 19 فلسطینیوں کی لاشیں برآمد کر لی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ریسکیو ٹیموں نے مغربی غزہ شہر کی السینا اسٹریٹ پر واقع کرم رہائشی عمارت میں چار روزہ سرچ اینڈ ریکوری آپریشن مکمل کیا، جہاں اسرائیلی حملے کے دوران تباہ ہونے والی عمارت کے ملبے تلے دبی 19 فلسطینیوں کی باقیات نکالی گئیں۔ غزہ سول ڈیفنس کے باڈی ریکوری پراجیکٹ کے ایگزیکٹو سپروائزر محمد ابودان کے مطابق مخصوص مقام پر تلاشی اور لاشوں کی بازیابی کا کام مکمل کر لیا گیا ہے، جس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 1)

آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھولنے کیلئے امریکا کو 6 شرائط پیش، ایران

جنگ ہو یا مذاکرات سپریم نیشنل سیکورٹی کونسل کبھی بھی اپنے ارادوں سے پیچھے نہیں ہٹے گی، محمد باقر ذوالقدر، معاہدے پر امریکی خلاف ورزیاں ہونے تک ایران بات چیت شروع نہیں کریگا: عباس عراقچی

ایرانی تکلیف میں ہیں اور اس معاملے کا خاتمہ چاہتے ہیں، واشنگٹن ایک ایسا راستہ تیار کرنے پر کام کر رہا ہے جو آبنائے ہرمز کے ذریعے جہازوں کی محفوظ آمدورفت کی اجازت دے، جے ڈی وینس

تہران (این این آئی) ایران نے آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھولنے کے لیے امریکا کو چھ شرائط پیش کر دیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایران کی سپریم قومی سلامتی کونسل کے سیکریٹری محمد باقر ذوالقدر نے خبردار کیا ہے کہ اگر امریکا نے ایران سے متعلق اپنا رویہ نہ بدلا اور اسے درست نہ کیا تو آبنائے ہرمز دوبارہ نہیں کھولی جائے گی۔ محمد باقر ذوالقدر نے چھ شرائط پیش کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 3)

پہلی مرتبہ پورے صوبہ بھر یکساں ترقی کا کلچر متعارف کرایا، مریم نواز

پنجاب کے عوام کی خدمت کا جذبہ اپنے قائد محمد نواز شریف سے ورثہ میں ملا، وہاڑی ملتان روڈ کی فوری تعمیر علاقے کے عوام کا حق تھا جس کی اللہ تعالیٰ نے ہمیں توفیق دی

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے موجودہ مون سون میں نکاسی آب کی نئی سکیموں کی وجہ سے صورتحال میں نمایاں بہتری آئی، وزیراعلیٰ کی بات چیت

لاہور (آن لائن) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام سے پہلی مرتبہ پورے صوبہ بھر یکساں ترقی کا کلچر متعارف کرایا، پنجاب کے عوام کی خدمت کا جذبہ اپنے قائد محمد نواز شریف سے ورثہ میں ملا، وہاڑی ملتان روڈ کی فوری تعمیر علاقے کے عوام کا حق تھا جس کی اللہ تعالیٰ نے ہمیں توفیق دی۔ وہ وہاڑی کے ارکان صوبائی اسمبلی سے ملاقات میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 4)

گڈز، منی مزدا ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال کا دوسرا روز، گاڑیوں کی روانگی معطل

منسوخ کیے گئے 7 ہزار 500 گاڑیوں کے لائسنس بحال کئے جائیں، ٹرانسپورٹرز

لاہور (آن لائن) گڈز ٹرانسپورٹ اور منی مزدا ٹرانسپورٹ کی ہڑتال دوسرے روز بھی جاری ہے، ٹرانسپورٹ اڈوں سے گاڑیوں کی روانگی مکمل طور پر معطل ہے۔ ٹرانسپورٹرز نے مطالبات کی منظوری تک غیر معینہ مدت کے لیے ہڑتال جاری رکھنے کا اعلان کر رکھا ہے، ٹرانسپورٹرز (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 5)

آئی ایس پی آر کا بلوچی زبان میں خوبصورت نغمہ ”پاک اے وطن“ ریلیز

بلوچستان کا رنگ، سر اور ہر بول پاکستان کی سلامتی اور بقا کے لیے دھڑکتا ہے

راولپنڈی (این این آئی) یوم آزادی کے موقع پر آئی ایس پی آر نے بلوچی زبان میں خوبصورت نغمہ ”پاک اے وطن“ ریلیز کر دیا۔ یوم آزادی کے موقع پر وطن سے سچی محبت کا اظہار کرتے ہوئے مشہور بلوچ گلوکار اختر چنال نے اپنے مخصوص روایتی انداز اور جوشیلے بلوچی بولوں کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 6)

امریکی سرمایہ کار پاکستان میں سرمایہ کاری کریں، پاکستان کی دعوت

سرجیکل آلات کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی، تربیت اور ہنرمندی کے فروغ کی ضرورت ہے، رضوان سعید کی گفتگو

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) شکاگو میں سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ کی نمایاں امریکی کاروباری شخصیات سے ملاقاتیں ہوئی جس میں سفیر پاکستان نے معدنی شعبے اور آلات جراحی میں امریکی سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیا۔ سفیر رضوان شیخ نے امریکی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 7)

مکہ معاہدہ کسی بھی ملک کے خلاف نہیں — اسحاق ڈار

معاہدے کا مقصد بنیادی مقصد امن وسلامتی کو درپیش مختلف چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اسٹریٹجک تعاون کو مزید مضبوط بنانا اور خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کو فروغ دینا ہے، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ فنی اعتبار سے نیٹو کے معاہدے کی دفعہ 5 میں درج اجتماعی دفاع کے اصول سے مشابہ ہے، ترک وزیر خارجہ، معاہدہ کسی ملک کی سلامتی کیخلاف نہیں، سعودی وزارتِ خارجہ

لاہور، مکہ باہمی دفاعی معاہدہ کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے مین بلیوارڈ گلبرگ کو سبز و سرخ روشنیوں سے سجایا گیا ہے

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان طے پانے والے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے حوالے سے اہم وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاہدہ کسی ملک کے خلاف نہیں بلکہ خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے دفاعی تعاون کو مضبوط بنانے کا ذریعہ ہے۔ وفاقی دارالحکومت سے جاری اپنے بیان میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 8)

معاہدے میں فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اہم کردار ادا کیا، رانا ثنا

ایران۔امریکا تنازع کے دوران بھی پاکستان کو عزت اور وقار ملا، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ و مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان معاہدے میں فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر نے اہم کردار

پشاور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن المرکز اسلامی پشاور میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

دفاعی معاہدے کا خیر مقدم، 16 اگست کو ملک میں دھرنوں کا اعلان، حافظ نعیم

پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی کی آڑ میں یہ اپنی کرپشن چھپا رہے ہیں، کوشش کریں ایران سمیت دیگر ممالک بھی معاہدے میں شامل ہوں، امیر جماعت اسلامی

پیٹرول کی قیمت 225 روپے ہونی چاہیے، لیکن پیٹرول کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، پختونخوا میں امن وامان قائم کرنا حکومتوں کی ذمہ داری، پریس کانفرنس

لاہور (نیوز ایجنسیاں) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے معاملے پر ایک بار پھر حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی کی آڑ میں یہ اپنی کرپشن چھپا رہے ہیں، انہوں نے 16 اگست کو چاروں صوبوں میں دھرنے دینے کا اعلان بھی کیا۔ پشاور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا مکہ میں دفاعی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 9)

آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کا تیسرا مرحلہ آج

وزیراعظم فیصل ممتاز راٹھور، خواجہ طارق سعید اور ن لیگ کے نامزد امیدوار محسن عزیز کے مابین کانٹے دار مقابلہ متوقع

پونچھ ڈویژن کے 2 اضلاع کے 4 انتخابی حلقوں میں 4 لاکھ 60 ہزار ووٹرز حق رائے دہی استعمال کرینگے، 82 امیدوار مدمقابل

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر قانون اسمبلی کے انتخابات کا تیسرا مرحلہ (آج) پیر 10 اگست کو ہوگا، پونچھ ڈویژن کے 2 اضلاع کے 4 انتخابی حلقوں میں 4 لاکھ 60 ہزار سے زائد ووٹرز اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے، مجموعی طور پر 82 امیدوار میدان میں ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ضلع حویلی میں وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر فیصل ممتاز راٹھور، سابق ممبر کشمیر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 10)

نارووال: وفاقی وزیر احسن اقبال پنڈی سینیاں میں کیپٹن حمزہ اکرم شہید کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پیٹرول کی عالمی قیمتیں برقرار رہیں تو اگلے 2 روز میں اچھی خبر مل سکتی، علی پرویز!

کوئی جادوگر یا نجومی نہیں مستقبل کی قیمتوں کی پیشگوئی کر سکوں، اوگرا کی ویب سائٹ پر تمام تفصیلات عوام کے سامنے ہونگی

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں عالمی منڈی سے منسلک ہیں، عالمی سطح پر قیمتوں میں کمی آتے ہی اس کا فائدہ پاکستانی عوام کو بھی منتقل کیا جائے گا، آئندہ 2 روز میں عالمی منڈی میں پیٹرول کی قیمتیں موجودہ سطح پر برقرار رہیں تو اچھی خبر خود بخود سامنے آ جائے گی، حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے حوالے سے مکمل شفافیت یقینی بنائے گی اور درآمدی توانائی کی تمام لاگت اوگرا کی ویب سائٹ پر عوام کے سامنے رکھی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 1)

حکومت پنجاب کا مختلف ہسپتالوں کو ٹرانسپلانٹیشن کے لیے رجسٹریشن سرٹیفکیٹس جاری کرنے کا فیصلہ

صحت کے نظام کی بہتری کیلئے تاریخی اور نمایاں اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، صوبائی وزیر صحت

لاہور (سٹاف رپورٹر) حکومت پنجاب نے اگلے تین سال کے لیے ملتان انسٹی ٹیوٹ آف کڈنی ڈیزیز کو رینل ٹرانسپلانٹیشن، سلیم میموریل ہسپتال لاہور کو رینل ٹرانسپلانٹیشن جبکہ پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹی اینڈ ریسرچ سینٹر لاہور کو پینکریاس ٹرانسپلانٹیشن کیلئے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری کر دیا۔ پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹی ٹیوٹ کو لیور اور رینل ٹرانسپلانٹیشن کیلئے بھی اگلے 6 ماہ کیلئے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری کر دیا گیا۔ تمام ہسپتالوں کو رجسٹریشن سرٹیفکیٹ پی ہوٹا کی انسپکشن کے بعد اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 22)

ورچوئل اثاثہ سروس پرووائیڈرز کے لیے لائسنسنگ نظام کی تیاری آخری مراحل میں داخل

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی کے تیسرے اجلاس میں ریگولیٹری فریم ورک پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا، ورچوئل اثاثہ سروس پرووائیڈرز کے لیے لائسنسنگ نظام کی تیاری آخری مراحل میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 14)

وزیر تجارت سے بیلاروس کے سفیر کی ملاقات، تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے بیلاروس کے سفیر آندرے میتیلیتسا نے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ اقتصادی تعلقات اور پاکستان۔ بیلاروس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 15)

کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی گورنر ہاؤس میں جشن آزادی پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ مشاعرے سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کے فنکاروں اور تخلیق کاروں کی کاوش کو سراہتے ہیں، شہباز شریف

بلوچستان سے پیش کیے جانے والے اس خوبصورت اور حب الوطنی سے بھرپور نغمے کو دیکھ کر ان کا دل فخر سے بھر گیا

صدر مملکت سے درخواست کرتے ہیں ججز تقرریوں کی منظوری میں مزید تاخیر نہ ہو، صدر سپریم کورٹ بار

اسلام آباد: (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے یوم آزادی کی آمد کے موقع پر بلوچستان سے پیش کیے گئے خوبصورت اور حب الوطنی سے بھرپور نغمے کو سراہتے ہوئے فنکاروں اور شاندار کاوش میں شامل تمام افراد کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ’ایکس‘ پر اپنے بیان میں کہا کہ جیسے جیسے یوم آزادی قریب آ رہا ہے، بلوچستان سے پیش کیے جانے والے اس خوبصورت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 12)

مریدکے: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین فیروز والہ بار کے سیکرٹری جنرل چوہدری سبطین گجر سے ان کے صاحبزادے کے انتقال پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں

لانگ مارچ کا مقصد بانی کی رہائی نہیں ان تک رسائی — سہیل آفریدی

27 ستمبر کی لانگ مارچ کو خود لیڈ کروں گا، یہ ون ڈے ایونٹ نہیں ہوگا، اسلام آباد آ کر واپس نہیں جائیں گے، وزیراعلیٰ پختونخوا

لانگ مارچ کا اعلان پی ٹی آئی اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنماؤں سے مشاورت کے بعد کیا، میڈیا سے گفتگو

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کا مقصد بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی نہیں بلکہ ان تک رسائی ہے۔ ایک انٹرویو میں سہیل آفریدی نے کہا کہ 27 ستمبر کی لانگ مارچ کو وہ خود لیڈ کریں گے، یہ ون ڈے ایونٹ نہیں ہوگا، اسلام آباد آ کر واپس نہیں جائیں گے۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے بتایا کہ لانگ مارچ کا اعلان پی ٹی آئی اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 13)

بولان، نامعلوم مسلح افراد کے حملے میں پولیس اہلکار شہید

پولیس اور سیکیورٹی اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنے کا عمل شروع کر دیا

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) بولان کے علاقے دوسہ کراس چوکی پر نامعلوم مسلح افراد کے حملے میں بلوچستان پولیس کا ایک اہلکار شہید ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق بالاناڑی نیشنل (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 25)

پنجاب حکومت کا نجی ہاؤسنگ شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کرنے کا فیصلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت نے نجی ہاؤسنگ شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے نجی ہاؤسنگ سکیموں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 26)

بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کے آپریشن، 15 خوارج مارے گئے (اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد)

دہشتگردی کے خلاف برسرِ پیکار سکیورٹی فورسز کے بہادر جوان قوم کا فخر ہیں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 14)

ہری پور، مسافر وین اور موٹر سائیکل میں تصادم، نوجوان جاں بحق

حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، تحقیقات شروع کر دی گئی ہے، پولیس حکام

ہری پور (سٹاف رپورٹر) ہری پور کے تھانہ کوٹ نجیب اللہ کی حدود دیدان میں مسافر وین اور موٹر سائیکل میں ٹکر ہو گئی۔ حادثے میں سیف نامی نوجوان جاں بحق ہو گیا، اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں بھی موقع پر پہنچ گئیں، جاں بحق ہونے والے نوجوان کی لاش کو ضروری کارروائی کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 27)

سلامتی کونسل کی سوات میں دہشت گرد حملے کی مذمت

دہشت گردی بین الاقوامی امن وسلامتی کیلئے سنگین ترین خطرات میں سے ایک ہے، ترجمان

نیویارک (سٹاف رپورٹر) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اراکین نے 2 اگست کو کبل میں پولیس اسٹیشن کے باہر خودکش حملے کی مذمت کی ہے۔ ترجمان اقوام متحدہ سلامتی کونسل نے کہا کہ دہشت گرد حملے میں کم از کم 16 پاکستانی شہری جاں بحق اور درجنوں زخمی ہوئے، کالعدم تحریک طالبان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 21)

یو ای ٹی لاہور میں ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک اسٹڈیز کی ایکسٹینشن بلڈنگ کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ای ٹی) لاہور میں ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک اسٹڈیز کی ایکسٹینشن بلڈنگ کا سنگ بنیاد ایک پروقار تقریب میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 17)

مریم نواز کی قیادت میں پنجاب ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے، رانا محمد ارشاد

عوامی خدمت، شفاف حکمرانی اور ترقیاتی منصوبے مسلم لیگ (ن) کی حکومت کی اولین ترجیح ہیں

کاہنہ (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما رانا محمد ارشاد نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب ترقی، عوامی خدمت اور شفاف حکمرانی کی نئی مثال قائم کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے بھر میں صحت، تعلیم، انفراسٹرکچر، صاف ستھرے ماحول اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں جن کے مثبت نتائج عوام تک پہنچ رہے ہیں۔ رانا محمد ارشاد کا مزید کہنا تھا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت عوامی مسائل کے حل کے لیے دن رات کوشاں ہے اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ترقیاتی منصوبوں کی رفتار مزید تیز کی جا رہی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 18)

تحریک انصاف نے بلاول بھٹو کی پیشکش مسترد کر دی

مولانا فضل الرحمان بہت جلد تحریک انصاف کے ساتھ سڑکوں پر نکلیں گے، شفیع جان

پشاور (سٹاف رپورٹر) تحریک انصاف نے بلاول بھٹو کی پیشکش مسترد کر دی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات خیبر پختونخوا شفیع جان نے کہا کہ پیپلز پارٹی جب تک ایک نکاح میں ہے دوسرا نکاح نہیں ہو سکتا۔ شفیع جان نے کہا کہ پیپلز پارٹی پہلے نکاح سے باہر نکلے پھر ہی کوئی بات ہو سکتی ہے، مولانا فضل الرحمان بہت جلد تحریک انصاف کے ساتھ سڑکوں پر نکلیں گے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 20)

اوپن مارکیٹ میں ایل پی جی کی سرکاری نرخنامے پر فروخت ممکن نہ ہو سکی

مختلف مقامات پر ایل پی جی کی 400 سے 430 روپے کلو فروخت جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت ملک بھر میں ایل پی جی کی گراں فروشی جاری ہے اور اس کی فی کلو قیمت 400 روپے کی حد عبور کر گئی۔ سرکاری طور پر ایل پی جی کی قیمت 241 روپے فی کلو مقرر ہے تاہم اوپن مارکیٹ میں کسی دکان پر بھی اس کی سرکاری نرخنامے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 19)

لاہور: محنت کش خاتون نے جائے سکیم اتوار بازار میں لیسز کا سٹال لگا رکھا ہے

لاہور: چیئرنگ کراس چوک میں کبوتر شہریوں کی جانب سے ڈالا گیا دانہ چگ رہے ہیں

حج 2027، پرائیویٹ آپریشن کیلئے نیا ڈیجیٹل نظام نافذ کرنے کا فیصلہ

آئندہ حج کے لیے پرائیویٹ حج کی بکنگ براہِ راست پرائیویٹ آپریٹرز کے بجائے وزارت مذہبی امور کے توسط سے ہوگی

پرائیویٹ سکیم کو 'پاک حج ایپ' کے ذریعے چلایا جائے گا، حج بکنگ اور متعلقہ معاملات کو ڈیجیٹل نظام کے ذریعے منظم کیا جائے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت مذہبی امور نے حج 2027 کے لیے سعودی عرب کے نسک مسار سسٹم کے مطابق پرائیویٹ حج آپریشن کا نیا ڈیجیٹل نظام نافذ کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق آئندہ حج کے لیے پرائیویٹ حج کی بکنگ براہ راست پرائیویٹ آپریٹرز کے بجائے وزارت مذہبی امور کے توسط سے ہوگی۔ حج 2027 میں پہلی بار سرکاری حج کے ساتھ پرائیویٹ حج آپریشن بھی وزارت مذہبی امور کی براہ راست نگرانی میں چلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پرائیویٹ حج سکیم کو وزارت مذہبی امور کی سرکاری 'پاک حج ایپ' کے ذریعے چلایا جائے گا، جس کے تحت حج بکنگ اور متعلقہ معاملات کو ڈیجیٹل نظام کے ذریعے منظم کیا جائے گا۔ نئے نظام کا مقصد پرائیویٹ حج آپریشن میں شفافیت، نگرانی اور حجاج کو بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔

لاہور: جماعت اسلامی کے زیر اہتمام پٹرولیم لیوی کے خلاف قرطبہ چوک میں احتجاج کیا جارہا ہے۔

کسی وزیر کے بیان سے حکومتیں نہیں جاتیں، یہ حکومت آئینی مدت پوری کرے گی، حذیفہ رحمن

ٹک ٹک صرف مسلم لیگ (ن) کے لیے نہیں، سندھ اور بلوچستان کی حکومتوں کیلئے بھی ہوگی، معاون خصوصی وزیراعظم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف کے معاون خصوصی حذیفہ رحمن نے کہا ہے کہ کسی وزیر کے بیان سے حکومتیں نہیں جاتیں، یہ حکومت اپنی آئینی مدت مکمل کرے گی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے حذیفہ رحمن نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اپنے بیان کی وضاحت کر چکے ہیں، اس لیے اب اس معاملے کو ختم ہوجانا چاہیے، محسن نقوی کے وزیراعظم شہباز شریف سے ذاتی تعلقات اور دوستی بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری سے ایسے بیان کی توقع نہیں تھی، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 29)

لاہور: آئی جی پنجاب عبدالکریم مینجنگ ڈائریکٹر پیپرا صاحبزادی وسیمہ عمر کو سوونیئر پیش کررہے ہیں۔

پی بی ٹی ای امتحانات، میٹرک ٹیک اور ووکیشنل پروگرامز کے نتائج کا اعلان

پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن نے پہلے سالانہ امتحان 2026ء کے نتائج جاری کیے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن (پی بی ٹی ای) نے پہلے سالانہ امتحان 2026ء کے نتائج کا اعلان کردیا۔ مختلف پروگراموں میں امیدواروں کی کامیابی کا تناسب تسلی بخش رہا جبکہ نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کے نام بھی جاری کردیے گئے۔ جاری کردہ نتائج کے مطابق میٹرک ٹیک کے امتحان میں کامیابی کا تناسب 73.73 فیصد رہا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 30)

پی آر اے کا سیلز ریکارڈ میں جعلسازی کرنے والوں کی ڈیجیٹل نگرانی کا فیصلہ

اصل رسید میں موجود تفصیلات، کیو آر کوڈ تمام ہوٹلز، ریسٹورنٹس میں آویزاں کیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے صوبہ بھر میں الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم کے نفاذ پر زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کا فیصلہ کرلیا۔ ترجمان کے مطابق ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹ سیکٹرز میں جاری کردہ رسیدوں سے ٹیکس خرد برد روکنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، پنجاب ریونیو اتھارٹی سیلز ریکارڈ میں جعلسازی کرنے والوں کی ڈیجیٹل نگرانی کرے گی، اصل رسید میں موجود تفصیلات اور کیو آر کوڈ تمام ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹس میں آویزاں کیے جائیں گے۔ چیئرمین پی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 31)

لاہور: وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی ازبکستان سے آئے ہوئے وفد کے پروفیسر کو سوونیئر پیش کررہے ہیں۔

پنجاب بھر میں جعلی اور فینسی نمبر پلیٹس کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کے احکامات پر جعلی فینسی نمبر پلیٹس کے خلاف صوبہ بھر میں کارروائیوں میں تیزی آگئی، رواں سال غیر نمونہ اور فینسی نمبر پلیٹس لگانے پر 1 لاکھ 80 ہزار سے زائد کارروائیاں کی گئیں۔ ترجمان کے مطابق لاہور میں غیر نمونہ فینسی اور جعلی نمبر پلیٹس لگانے پر 44 ہزار سے زائد کارروائیاں کی گئیں۔ ترجمان نے کہا کہ نمبر پلیٹس میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 32)

وحدت کالونی میں خاتون کے قتل کا معمہ حل، شوہر اور سوتیلا بیٹا ملوث نکلے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وحدت کالونی میں چند روز قبل 40 سالہ خاتون ثنا کے قتل کے مقدمے میں پولیس نے مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی اقبال ٹاؤن سدرہ خان کے مطابق تحقیقات میں خاتون کے قتل میں اس کے شوہر شیراز خان اور سوتیلے بیٹے عبداللہ کے ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ ملزمان شیراز خان اور عبداللہ نے خاتون کو فائرنگ کر کے قتل کیا تھا۔ واقعے کے بعد پولیس نے مقتولہ کے بیٹے عبداللہ کو موقع واردات ہی سے حراست میں لے لیا تھا۔ ایس پی سدرہ خان کے مطابق پولیس نے مقتولہ کے شوہر شیراز خان کی پنجاب سے فرار ہونے کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 33)

سوشل میڈیا پر قابلِ اعتراض مواد کیخلاف کریک ڈاؤن، لاکھوں یو آر ایل بلاک

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کا سوشل میڈیا پر نازیبا اور اشتعال انگیز مواد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ترجمان پی ٹی اے کے مطابق گزشتہ 10 سال میں 15 لاکھ 42 ہزار 800 یو آر ایل بلاک کیے قابل اعتراض مواد کے خلاف کارروائی کی شرح 90 فیصد تک پہنچ گئی۔ رپورٹ کے مطابق اخلاقیات کے خلاف مواد کے 10 لاکھ 65 ہزار سے زائد یو آر ایل بلاک کردیے گئے، فیس بک پر 2 لاکھ 30 ہزار، ٹک ٹاک کے 1 لاکھ 70 ہزار، ایکس کے 74 (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 34)

نوجوان قوم کا قیمتی اثاثہ ہیں، حمزہ شہباز کھوکھر

پنجاب حکومت عوامی فلاح، تعلیم، صحت اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے، سینئر رکن یوتھ ونگ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کے سینئر رکن حمزہ شہباز کھوکھر نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت عوامی خدمت کے ایجنڈے پر بھرپور انداز میں عمل پیرا ہے، پنجاب حکومت وزیراعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں عوامی فلاح و بہبود، تعلیم، صحت اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ نوجوان ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کررہے ہیں اور مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ نوجوانوں کو مثبت سیاست کی طرف راغب کرنے کے لیے سرگرم ہے۔ حمزہ شہباز کھوکھر نے کہا کہ پنجاب حکومت کے عوامی منصوبوں سے شہریوں کو ریلیف مل رہا ہے اور ترقی کا سفر تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ پارٹی پیغام گھر گھر پہنچائیں اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 43)

لاہور: ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران پریس کلب میں "میٹ دی پریس" میں اظہار خیال کررہے ہیں۔

اورنگزیب خان کھچی سے قازقستان کے سفیر یرژان کستافین کی الوداعی ملاقات

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی سے پاکستان میں جمہوریہ قازقستان کے سفیر یرژان کستافین نے جمعہ کے روز ان کے دفتر میں الوداعی ملاقات کی جس میں پاکستان اور قازقستان کے درمیان ثقافت، ورثہ، تعلیم اور عوامی روابط کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 40)

کان کنی کے شعبے کیلئے جامع قومی ڈیجیٹل روڈ میپ تیار کیا جائے، خادم حسین

مصنوعی ذہانت، مشین لرننگ، خودکار نظام، ڈیٹا پر مبنی فیصلوں سے پیداواری صلاحیت میں اضافہ کیا جاسکتا ہے

لاہور (این این آئی) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ پاکستان کے کان کنی کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے سرکاری و نجی اداروں، تعلیمی مراکز اور صنعت کے درمیان مضبوط اشتراک کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل نظام اور تربیت یافتہ افرادی قوت ہی اس شعبے کی پائیدار ترقی کی ضمانت بن سکتے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں کان کنی کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 39)

لاہور، رکشہ پرون ویکنگ، کرتب دیکھانے والا ڈرائیور گرفتار

لاہور (سٹاف رپورٹر) رکشہ پرون ویکنگ اور کرتب دیکھانے والے کو دھر لیا گیا۔ لاہور ٹریفک پولیس کی جانب سے ون ویکنگ کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری ہے، رکشہ پر ویکنگ کرنے والے کو پکڑ لیا گیا۔ گرین ٹاؤن میں حسنین نامی ڈرائیور رکشہ پر کرتب اور ویکنگ کررہا تھا، اطلاع ملتے ہی ڈی ایس پی ٹاؤن شپ فیاض بھٹی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 35)

مانگا منڈی، موبائل شاپ پر فائرنگ، اقدام قتل میں ملوث ملزم گرفتار

لاہور (سٹاف رپورٹر) مانگا منڈی پولیس نے موبائل شاپ پر فائرنگ کر کے دکاندار کو زخمی کرنے والے اقدام قتل کے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم ساجد کو جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ٹریس کر کے تالاب سرائے گاں سے حراست میں لیا گیا۔ ملزم کے قبضے سے پستول بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم ساجد نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 36)

لاہور تقریبات کا مرکز، اگست 2026ء کو یادگار مہینہ بنانے کا فیصلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر اگست 2026ء کو جشنِ آزادی کے حوالے سے یادگار مہینہ بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں لاہور میں ہونے والی تقریبات اور انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے مشیر وزیراعلیٰ پنجاب ذیشان ملک کو تفصیلی بریفنگ دی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 37)

پنجاب بھر میں جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے کریک ڈاؤن، 13 ملزمان گرفتار

لاہور (سٹاف رپورٹر) سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی ہدایت پر جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے صوبہ بھر میں کریک ڈاؤن جاری ہے، محکمہ تحفظ جنگلی حیات پنجاب کا غیر قانونی شکار، قبضہ اور تجارت کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 64)

سہ ماہی بنیادوں پر بجلی مہنگی ہونے کا امکان

لاہور (این این آئی) ملک میں سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی مزید مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں نے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی میں درخواست جمع کرا دی ہے، درخواست میں کیپسٹی پیمنٹس کی مد میں صارفین سے 23 ارب روپے وصول کرنے کی اجازت مانگی گئی ہے۔ نیپرا کے مطابق درخواست پر 12 اگست کو سماعت ہوگی جس میں بجلی کی قیمتوں میں ممکنہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 44)

لاہور ہائیکورٹ نے بیوی کے قتل کیس میں شوہر کو بری کردیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے بیوی کے قتل کے مقدمے میں عمر قید پانے والے شوہر کو بری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ فوجداری مقدمات میں صرف شبہ یا قیاس آرائی کی بنیاد پر کسی شخص کو سزا نہیں دی جاسکتی بلکہ جرم کو ناقابل تردید شواہد سے ثابت کرنا استغاثہ کی ذمہ داری ہے، عدالت نے واضح کیا کہ شک کا فائدہ ہمیشہ ملزم کو دیا جاتا ہے۔ جسٹس طارق سلیم شیخ نے عمر قید کی سزا پانے والے ملزم میاں خان کی اپیل منظور کرتے ہوئے 19 صفحات پر مشتمل تفصیلی تحریری فیصلہ جاری کیا، جسے عدالتی نظیر قرار دیا گیا ہے عدالت نے مدعی مقدمہ کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 42)

لاہور ہائیکورٹ نے ایل پی جی پر اضافی پریمیم وصولی روک دی، حکم امتناعی جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ایل پی جی کمپنیوں کی اضافی پریمیم وصولی فوری طور پر روک دی، عدالت نے اضافی پریمیم کی وصولی کے خلاف حکم امتناعی جاری کرتے ہوئے اوگرا اور تمام لائسنس ہولڈر کمپنیوں سے جواب طلب کرلیا۔ جسٹس مرزا وقاص رؤف نے لاہور ہائیکورٹ بار کے وکیل بابر مرتضیٰ خان کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار 40 سے زائد کمپنیوں کی جانب سے صدر لاہور ہائیکورٹ بار بابر مرتضیٰ نے دلائل دیئے۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ ایل پی جی کمپنیاں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 41)

ڈی پی او کوٹ ادو کی جانب سے یومِ شہداء کے موقع پر تقریب

مقصد جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرنا تھا

کوٹ ادو (جاوید چوہدری) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کوٹ ادو کی جانب سے یوم شہداء کے موقع پر پروقار تقریب کا انعقاد، شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ یومِ شہداء کے موقع پر (رواج مارکی) کوٹ ادو میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد وطن کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنا تھا۔ تقریب میں ڈی ایس پی سرکل کوٹ ادو وسیم اکبر لغاری نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پولیس شہداء کی عظیم قربانیوں کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتی ہے۔ تقریب میں شہداء کے اہلِ خانہ میں امدادی چیک اور گلدستے تقسیم کیے گئے اور انہیں یقین دلایا گیا کہ پنجاب پولیس اپنے شہداء اور ان کے خاندانوں کی فلاح و بہبود کو ہمیشہ اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے۔ تقریب کے اختتام پر تمام شرکاء اور شہداء کے اہلِ خانہ کے اعزاز میں ظہرانے (کھانے) کا بھی خصوصی اہتمام کیا گیا۔ شرکاء نے شہداء کی لازوال قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی اور ملک وقوم کی سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں کیں۔

صوبائی وزیر لیبر محمد منشاءاللہ بٹ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کراچی ایئرپورٹ پر نیا فلائٹ انفارمیشن ڈسپلے سسٹم نصب کرنے کا فیصلہ، ٹینڈر جاری

پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے دلچسپی رکھنے والی کمپنیوں سے 13 اگست تک درخواستیں طلب کرلیں

کراچی (سٹاف رپورٹر) پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے مسافروں کی سہولت کیلئے بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے کراچی ایئرپورٹ پر نیا فلائٹ انفارمیشن ڈسپلے سسٹم نصب کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اس حوالے سے پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے بین الاقوامی ٹینڈر جاری کردیا ہے جس کے تحت دلچسپی رکھنے والی کمپنیوں سے 13 اگست تک درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ٹینڈر میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 47)

سفیر پاکستان کا کیلڈرون ٹیکسٹائلز کا دورہ، پاک امریکا تجارتی تعاون کے فروغ پر زور

غیر ملکی سرمایہ کاری کے مزید مواقع پیدا کرنے کیلئے پرعزم ہے، رضوان سعید شیخ

واشنگٹن (سٹاف رپورٹر) سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے کیلڈرون ٹیکسٹائلز کا دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے پاک امریکا تجارتی تعاون کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا۔ امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے ریاست انڈیانا میں قائم معروف ٹیکسٹائل کمپنی کیلڈرون ٹیکسٹائلز کا دورہ کیا، جو صحت اور طب کے شعبوں میں ٹیکسٹائل مصنوعات فراہم کرنے والی نمایاں امریکی کمپنیوں میں شمار ہوتی ہے۔ دورے کے دوران سفیر پاکستان نے کیلڈرون ٹیکسٹائلز کے ہیڈکوارٹرز اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 48)

لاہور: مسلم لیگ (ن) کے دیرینہ کارکن وکاروباری شخصیت امجد پرویز بٹ پریس کانفرنس کررہے ہیں۔

موٹرویز اور شاہراہوں کے تحفظ کیلئے ٹرانسپورٹرز تعاون کریں، عبدالعلیم خان

موٹرویز اور شاہراہوں کے تحفظ کے لئے ٹرانسپورٹرز کو تعاون کرنا چاہیے، گڈز ٹرانسپورٹ کے جائز مطالبات فوری تسلیم کئے جائیں گے

موٹروے پولیس کو ایک ماہ میں کرپشن فری کریں گے، آئی جی موٹرویز یقینی بنائیں کہ رشوت اور کرپشن کرنے والا ایک اہلکار بھی باقی نہ بچے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ موٹرویز، شاہراہوں کے تحفظ کے لئے ٹرانسپورٹرز کو تعاون کرنا چاہیے، گڈز ٹرانسپورٹ کے جائز مطالبات فوری تسلیم کئے جائیں گے۔ وزارت مواصلات کی جانب سے ہفتہ کو جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد نے وفد کی صورت میں ملاقات کی، اجلاس کے دوران ایکسل لوڈ، ایس آر او، موٹرویز پر گاڑیوں کے مسائل اور دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ موٹرویز اور شاہراہوں کے تحفظ کے لئے ٹرانسپورٹرز کو تعاون کرنا چاہیے۔ وفاقی وزیر مواصلات نے یقین دہانی کرائی کہ گڈز ٹرانسپورٹ کے جائز مطالبات فوری تسلیم کئے جائیں گے۔ عبدالعلیم خان نے گڈز ٹرانسپورٹرز کے وفد کو پیر کو اسلام آباد بلا لیا۔ انہوں نے اعلان کیا کہ موٹروے پولیس کو ایک ماہ میں کرپشن فری کریں گے، آئی جی موٹرویز یقینی بنائیں کہ رشوت اور کرپشن کرنے والا ایک اہلکار بھی باقی نہ بچے۔

سیالکوٹ: بزرگ سیاستدان سابق ممبر قومی اسمبلی چوہدری مہدی حسن بھٹی کے اعزاز میں چوہدری احمد (مرحوم) کی رہائش گاہ پر دانیال احمد چوہدری کی جانب سے منعقد پروقار دعوت کے موقع پر طلحہ احمد چوہدری، احسن ادریس باجوہ تحائف دے رہے ہیں

مضبوط تعلقات محبت، احترام اور اپنائیت سے قائم ہوتے ہیں: احسن ادریس باجوہ

دانیال احمد چوہدری کی پرتکلف دعوت، مہدی حسن بھٹی کا اظہار تشکر

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) احسن ادریس باجوہ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ مضبوط تعلق کی بنیاد سچی محبت، باہمی احترام، اور اپنائیت کے احساس پر قائم ہوتی ہے۔ یہ اقدار تعلقات کو گہرا اور دیرپا بناتی ہیں۔ احسن ادریس باجوہ ایڈووکیٹ نے حافظ آباد تعلق رکھنے والے بزرگ سیاستدان سابق ممبر قومی اسمبلی چوہدری مہدی حسن بھٹی کے اعزاز میں چوہدری احمد (مرحوم) کی رہائش گاہ پر دانیال احمد چوہدری کی جانب سے منعقد پروقار دعوت کے اہتمام پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بزرگ سیاستدان سابق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 50)

لاہور پولیس کی حراست میں جاں بحق دو خواتین پاکپتن میں سپرد خاک

خواتین کی نماز جنازہ درگاہ بستی چن پیر میں ادا کی گئی، دونوں ایک، ایک بچے کی ماں تھیں

دونوں گھوم پھر کر پنسلیں فروخت کرتی تھیں، وزیراعلیٰ پنجاب سے انصاف کی اپیل ہے، ورثاء

لاہور/ پاکپتن (این این آئی) لاہور میں مبینہ طور پر پولیس حراست میں جاں بحق ہونے والی دو خواتین کی میتیں پولیس کی نگرانی میں ان کے آبائی علاقے بستی غوث نگر پاکپتن پہنچا دی گئیں جنہیں نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد سپرد خاک کر دیا گیا۔ خواتین کی نماز جنازہ درگاہ بستی چن (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 51)

منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن، 5 ملزمان گرفتار

2 کروڑ 91 لاکھ سے زائد مالیت کی 135.9 کلوگرام منشیات برآمد کرلی گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے تعلیمی اداروں کے اطراف اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، 7 مختلف کارروائیوں کے دوران 5 ملزمان گرفتار کرکے 2 کروڑ 91 لاکھ سے زائد مالیت کی 135.9 کلوگرام منشیات برآمد کرلی گئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق ملیر کراچی میں ملزم کے قبضے سے 110 گرام آئس برآمد کی گئی، گرفتار ملزم نے تعلیمی اداروں کو طلباء کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 52)

سیالکوٹ: دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کی سینئر نائب صدر راحیلہ اشرف سوشل ویلفیئر بیت المال کے وفد سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

پی پی ایس سی کا مختلف محکموں کی اسامیوں کے تحریری امتحان کے نتائج کا اعلان

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب پبلک سروس کمیشن نے ریونیو ڈیپارٹمنٹ، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ اور پنجاب سروس ٹریبونل، ایس اینڈ جی اے ڈی میں اسٹینوگرافر کی اسامیوں کے تحریری امتحان کے نتائج کا اعلان کردیا۔ مزید پی پی ایس سی نے مختلف اسامیوں کے تحریری امتحان کے شیڈول کا اعلان بھی کر دیا ہے۔ سیکرٹری پنجاب پبلک سروس کمیشن افضال احمد نے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ پنجاب پبلک سروس کمیشن نے ریونیو ڈیپارٹمنٹ، ڈپٹی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 53)

جنوبی وزیرستان میں کامیاب آپریشنز، وفاقی وزیر علیم خان کا سیکورٹی فورسز کو شاندار خراج تحسین

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے جنوبی وزیرستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکورٹی فورسز کو شاندار خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم دہشت گردی پر قابو پانے کے لیے اپنے اداروں کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 54)

صدارت پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پھول نگر سٹی) کے ترقیاتی منصوبوں پر جائزہ اجلاس

قصور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق صوبائی وزیر قانون پنجاب رانا محمد اقبال خان کی زیر صدارت پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پھول نگر سٹی) کے ترقیاتی منصوبوں پر جائزہ اجلاس۔ اس موقع پر اے سی پتوکی نشتر رحمان لودھی، انجینئر رانا احسن، رانا جاوید اقبال، رانا شہزاد اقبال اور دیگر متعلقہ افراد موجود تھے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے خصوصی ترقیاتی پروگرام کے تحت پھول نگر میں تقریباً 063.5 ارب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 55)

اسلام آباد: چیف جسٹس پاکستان کو سپریم کورٹ کے ججز کا وفد جسٹس مسرت ہلالی کے ہمراہ پھولوں کا گلدستہ پیش کررہے ہیں

تعلیم قومی ترقی کی بنیاد اور مضبوط معاشرے کی ضمانت ہے، راحیلہ اشرف

معاشرے اور کمیونٹی کو بھی اس کے تعلیم حاصل کرنے سے فوائد حاصل ہوتے ہیں، دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کی سینئر نائب صدر

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کی سینئر نائب صدر راحیلہ اشرف نے کہا ہے کہ تعلیم قومی ترقی کی بنیاد اور مضبوط معاشرے کی ضمانت ہے، تعلیم حاصل کرنے سے انسان نہ صرف آمدنی، کیریئر کی ترقی، مہارت میں اضافے اور روزگار کے مواقع کی صورت میں ذاتی طور پر فائدہ اٹھاتا ہے بلکہ معاشرے اور کمیونٹی کو بھی اس کے تعلیم حاصل کرنے سے فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ جن معاشروں میں تعلیم کی سطح بہتر ہوتی ہے اور بڑی تعداد میں لوگ ڈگریاں حاصل کرتے ہیں، وہاں معاشی استحکام کی بلند شرح، جرائم میں کمی، مجموعی صحت میں بہتری اور عدم مساوات میں کمی دیکھی جاتی ہے۔ تعلیم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 59)

تین ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کی خدمات وفاقی حکومت کے سپرد

4 ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کے تقرر و تبادلوں کے احکامات، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی منظوری کے بعد تین ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کی خدمات ڈیپوٹیشن پر وفاقی حکومت کے سپرد جبکہ 4 ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کردیے گئے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق افتخار الٰہی کو جج، بینکنگ کورٹ نمبر 2 فیصل آباد تعینات کیا گیا، محمد عمر کو جج، بینکنگ کورٹ نمبر 7 لاہور کے عہدے پر تعینات کیا گیا۔ اسی طرح گل عباس کو پریزائیڈنگ آفیسر، انٹلیکچول پراپرٹی ٹریبونل فیصل آباد مقرر کیا گیا ہے، جہاں وہ دانشورانہ املاک سے متعلق مقدمات کی سماعت کریں گے۔ نوٹیفکیشن میں تمام متعلقہ عدالتی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 58)

اسلام آباد: چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی سینٹ آفس کی مرمت کے بعد افتتاح کررہے ہیں

اٹارنی جنرل کے گھر پر چھاپہ کیس، مزید پانچ ملزمان کی عبوری ضمانت منظور

لاہور (سٹاف رپورٹر) اٹارنی جنرل پاکستان کے گھر پر چھاپہ مارنے کے مقدمے میں نامزد دیگر پانچ ملزمان نے عبوری ضمانت کے لیے سیشن عدالت سے رجوع کرلیا، عدالت نے پانچوں ملزمان کو 12 اگست تک گرفتار کرنے سے روک دیا۔ ایڈیشنل سیشن جج ذوالفقار احمد نے عبوری ضمانت کی درخواستوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 57)

خون عطیہ کرنے والے پولیس ملازمین کیلئے انعام، سرٹیفکیٹ اور ایک روزہ چھٹی کا فیصلہ

پنجاب بھر میں بلڈ ڈونر رجسٹریشن مہم شروع، سیف سٹیز کا ورچوئل بلڈ بینک 72 ہزار سے زائد کیسز میں مدد فراہم کرچکا

لاہور (سٹاف رپورٹر) خون کا عطیہ دینے والے پولیس ملازمین کو تعریفی سرٹیفکیٹ، نقد انعام اور ایک دن کی چھٹی دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جاری کردہ مراسلے کے مطابق شہری خون دیں تو پنجاب سیف سٹیز کی جانب سے کمیونٹی سرٹیفکیٹ دیا جائے گا جبکہ تمام پولیس افسران رضاکارانہ خون دینے کے لیے رجسٹریشن کروائیں۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب بھر میں ایک ماہ تک خون عطیہ دہندگان کی رجسٹریشن مہم جاری رہے گی۔ مراسلہ کے مطابق پنجاب سیف سٹیز نے 15 ہیلپ لائن کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 56)

کھلے گھی، تیل، دودھ کے معیار کا ملک گیر سروے کروانے کا فیصلہ

غیر معیاری خوراک سے عوامی صحت کو لاحق خطرات کا تعین، خوراک کے معیار کے علاقائی رجحانات کی نشاندہی کی جائیگی

وزارتِ منصوبہ بندی، پی سی ایس آئی آر، پی ایس آئی سی اے کے ماہرین پر مشتمل کمیٹی شواہد پر مبنی سفارشات، نتائج کا جائزہ لے گی

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) وزارت منصوبہ بندی نے کھلے گھی، خوردنی تیل اور دودھ کے معیار کا ملک گیر سروے کروانے کا فیصلہ کرلیا ہے جس کے تحت تمام صوبوں اور متعلقہ اداروں کو ہدایت جاری کردی گئی ہے۔ اعلامیے کے مطابق کھلے گھی، خوردنی تیل اور دودھ کے معیار کا سائنسی جائزہ لیا جائے گا جبکہ غیر معیاری خوراک سے عوامی صحت کو لاحق خطرات کا تعین اور خوراک کے معیار کے علاقائی رجحانات کی نشاندہی کی جائے گی۔ نتائج کے جائزے کے لیے تکنیکی ذیلی کمیٹی قائم کردی گئی ہے جس میں وزارت منصوبہ بندی، پاکستان کونسل آف سائنٹفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ اور پاکستان اسٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی کے ماہرین شامل ہیں، ذیلی کمیٹی شواہد پر مبنی سفارشات پیش کرے گی۔ اس حوالے سے وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ خوراک کا معیار قومی اہمیت کا معاملہ بن چکا ہے، ہر شہری کو محفوظ، صحت بخش اور معیاری خوراک کی فراہمی حکومت کی ذمے داری ہے۔ سروے کا مقصد صرف خامیوں کی نشاندہی نہیں بلکہ معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔

سیالکوٹ: گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل کے چیئرمین راجہ سکندر خان، ال پارٹی کشمیر کوآرڈینیشن کمیٹی کے صدر اور تحریک کشمیر یو کے کے صدر فہیم کیانی یوم سیاہ کشمیر کی احتجاجی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

لندن میں یومِ سیاہ کشمیر پر بھارتی ہائی کمیشن کے باہر احتجاج

برطانوی کشمیریوں کا حقِ خودارادیت اور کشمیری قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل کے چیئرمین راجہ سکندر خان، آل پارٹی کشمیر کوآرڈینیشن کمیٹی کے صدر اور تحریک کشمیر یو کے کے صدر فہیم کیانی کی جانب سے لندن میں "یوم سیاہ کشمیر" کے موقع پر احتجاج کا اہتمام کیا گیا۔ گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل کے چیئرمین راجہ سکندر خان نے آل پارٹی کشمیر کوآرڈینیشن کمیٹی کے صدر اور تحریک کشمیر یو کے کے صدر فہیم کیانی کے ہمراہ، 5 اگست کو یوم سیاہ کشمیر منانے کے سلسلے میں لندن میں بھارتی ہائی کمیشن کے باہر ایک احتجاج اور ریلی کا اہتمام کیا۔ احتجاج کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ راجہ سکندر خان نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 61)

ہفتہ وار مہنگائی میں 0.28 فیصد اضافہ، سالانہ شرح 9.29 فیصد تک پہنچ گئی

20 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، 9 کی قیمتوں میں کمی، 22 کی قیمتیں مستحکم رہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) ملک میں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں 28.0 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی مجموعی شرح 29.9 فیصد تک پہنچ گئی۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ ایک ہفتے کے دوران 20 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، 9 اشیاء کی قیمتوں میں کمی جبکہ 22 کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ ہفتہ وار بنیادوں پر پیاز کی قیمت میں 14.10 فیصد، چکن میں 19.9 فیصد، دال چنا میں 43.2 فیصد، مرچ پاؤڈر میں 01.1 فیصد، گھی و خوردنی تیل میں 99.0 فیصد، چائے کی پتی میں 57.0 فیصد اور گندم کے آٹے میں 52.0 فیصد اضافہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 62)

نمبر پلیٹ چھپانے والی گاڑیاں سیف سٹی کے ریڈار پر، اے آئی نگرانی مزید سخت

جولائی کے دوران سیف سٹی کیمروں نے 100 سے زائد جعلی، کلون اور مشکوک گاڑیاں پکڑوائیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے نمبر پلیٹ کو ٹیپ، کپڑے یا کسی بھی دوسرے طریقے سے چھپانے یا اس میں ردوبدل کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں مزید سخت کردی ہیں۔ ترجمان سیف سٹی کے مطابق پنجاب بھر میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس (اے آئی) پر مبنی جدید سرویلنس سسٹم کے ذریعے ایسی گاڑیوں کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے جس سے نمبر پلیٹ چھپائی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 63)

اسلام آباد: بلال بن ثاقب اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ہڑپہ میں بارہ سالہ بچے کو تین افراد نے زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا، تینوں ملزمان گرفتار

ہڑپہ (سٹاف رپورٹر) ہڑپہ میں 12 سالہ بچے کو 3 افراد نے زیادتی کا نشانہ بنا دیا، پولیس نے تینوں ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق تینوں ملزمان کے خلاف بچے سے زیادتی اور اغوا کا مقدمہ بھی درج کر لیا گیا ہے۔

موسم گرما کی سرکاری تعطیلات میں خفیہ طور پر سکولز کھولنے والوں کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا فیصلہ

سرگودھا (این این آئی) حکومت پنجاب نے موسم گرما کی سرکاری تعطیلات میں خفیہ طور پر سکولز کھولنے والوں کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرلیا اور اس پر عمل درآمد کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کر دیئے گئے۔ ذرائع کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اظہر سہیل نیازی نے موسم گرما کی سرکاری تعطیلات میں خفیہ طور پر سکولز کھولنے والوں کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن پر عمل درآمد کے لیے متعلقہ افسران کو ضلع بھر میں نجی تعلیمی اداروں کو اچانک چیک کرنے کا حکم دے دیا۔ اس حوالہ سے بتایا جا رہا ہے کہ بعض علاقوں میں نجی سکولز مالکان حکومت پنجاب کی ہدایات کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 65)

دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک فورسز کے آپریشنز جاری رہیں گے، حنیف عباسی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے خیبرپختونخوا میں 10 خوارج کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک فورسز کے آپریشنز جاری رہیں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک فورسز کے آپریشنز جاری رہیں گے۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج ملک میں امن واستحکام کے قیام کے لیے شب و روز مصروف عمل ہیں اور پوری قوم اپنے جوانوں کی جرات، بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر فخر کرتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ فتنہ الخوارج (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 66)

بقیہ | بقیہ جات | 1

کے بعد خصوصی یونٹس غزہ شہر کے دوسرے علاقے میں منتقل ہو گئے ہیں۔حکام کے مطابق یہ کارروائی لاشوں کی بازیابی کے منصوبے کے دوسرے مرحلے کا حصہ ہے، جو 19 جولائی کو شروع کیا گیا تھا۔منصوبے کے تحت غزہ میں تباہ شدہ 147 گھروں کے ملبے تلے موجود ایک ہزار 72 لاشوں کی تلاش کی جا رہی ہے۔غزہ سول ڈیفنس کے ترجمان محمود بسال نے بتایا کہ ریسکیو کارروائیاں انتہائی محدود وسائل کے ساتھ جاری ہیں، جن میں ایک کھدائی کرنے والی مشین، ایک بلڈوزر اور ایک ٹرک شامل ہیں، جبکہ بین الاقوامی کمیٹی آف ریڈ کراس کی جانب سے بھی معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 2

کہا کہ اس چھوڑے گئے ساز وسامان کی مالیت کا تخمینہ 2.7 ارب امریکی ڈالر لگایا گیا ہے، افغانستان میں کئی دہائیوں کے تنازعات سے جمع شدہ سوویت دور کے ہتھیاروں کے بڑے ذخائر بھی موجود ہیں، یہ ذخائر بھی افغان سرزمین پر اسلحے کی موجودگی کی ایک اہم وجہ ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ ایسے ہتھیاروں کو پاکستان سے منسوب کرنے کی کوشش بظاہر عالمی توجہ اصل اور زیادہ سنگین مسئلے سے ہٹانے کی ایک کوشش ہے، یہ معاملہ افغان سرزمین پر دہشت گرد گروہوں کی موجودگی اور سرگرمیوں سے متعلق اہم تشویش کو پس پشت ڈالنے کے مترادف ہے۔بیان میں کہا گیا کہ افغان سرزمین پر دہشت گرد گروہوں کو اب بھی پناہ، سہولت کاری اور کارروائی کی آزادی حاصل ہے، یہ گروہ افغان سرزمین سے پاکستان میں دہشت گرد حملوں کی منصوبہ بندی، معاونت اور کارروائیوں میں مصروف ہیں۔وزارت اطلاعات ونشریات نے کہا کہ افغان طالبان کو بے بنیاد الزامات کے بجائے اپنی سرزمین پر موجود دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہوں کے خلاف مؤثر کارروائی کرنا ہوگی، افغان حکام اپنے وعدوں کی پاسداری یقینی بنائیں اور افغان سرزمین کو پاکستان یا کسی بھی ملک کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہونے دیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 3

کہ سب سے پہلے یہ کہ کبھی بھی اور کسی بھی زبان میں ایران کو دھمکایا نہ جائے، ایرانی قوم کے تقدس کی توہین نہ کی جائے۔دوسری شرط یہ کہ ایران اور اسکے اتحادیوں لبنان، فلسطین، یمن اور عراق پر مسلط جنگ اور جارحیت کو دائمی طور پر ختم کیا جائے۔تیسری یہ کہ ایران کی بحری ناکہ بندی ختم کی جائے اور امریکی افواج کو ایران کے اطراف سے ہٹایا جائے۔ چوتھے جنگ میں ایران کو پہنچائے گئے نقصانات کا بغیر کسی کمی کے پورا ہرجانہ دیا جائے۔پانچویں ایرانی قوم پر عائد کی گئی نامنصفانہ اور غیر قانونی پابندیاں اٹھائی جائیں اور چھٹی شرط یہ کہ غیر مشروط طور پر ایرانی عوام کے چرائے گئے اور منجمد کیے گئے اثاثے جاری کیے جائیں۔انہوں نے واضح کیا کہ جنگ ہو یا مذاکرات سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کبھی بھی اپنے ارادوں سے پیچھے نہیں ہٹے گی۔تہران (آن لائن)ایران کے صدر مسعود پزشکیان کا کہنا ہے کہ امریکا تہران کے ساتھ مذاکرات اور مفاہمت کے لیے مجبور ہوا ہے جو ہماری سفارتکاری کی کامیابی ہے اور یہی وہ وقت ہے جب کسی معاہدے تک پہنچ سکتے ہیں۔ایران کے دارالحکومت تہران میں میڈیا کے نمائندوں کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے صدر مسعود پزشکیان کا کہنا تھا کہ امریکا اسلام آباد مفاہمتی یادداشت اور ایران و عمان کی جانب سے مشترکہ تیار کردہ نکات پر عمل کرنے کا پابند تھا مگر واشنگٹن نے ایسا نہیں کیا اسی لیے ہمیں اپنا ردعمل دینا پڑا۔انہوں نے کہا کہ اس صورتحال سے نبردآزما ہونے کے لیے خصوصی ٹیم کی ضرورت ہوتی ہے اور ہماری ٹیم اس بحران پر اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہیں، اور ہم پرامید ہیں کہ ایران اپنے وقار، عزم اور فخر کے معیار کے ساتھ آگے قدم بڑھائے گا۔ایرانی صدر نے پریس کانفرنس میں واشگاف الفاظ میں امریکا کو مجرم اور استعماری حکومت قرار دیتے ہوئے کہا کہ امریکا کے خلاف ہماری پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔انہوں نے ایرانی قوم باخبر رکھتے ہوئے کہا امریکا اور اسرائیل کا گٹھ جوڑ جنگ کے ذریعے تہران کو جھکنے پر مجبور نہیں کر سکا ہے اسی لیے اب وہ مذموم مقاصد کی تکمیل کے لیے ایرانی قوم میں تقسیم اور تنازعات کو بھڑکا کر اسے ہتھیار کے طور پر استعمال کرنا چاہتے ہیں جس سے ایرانی قوم کو خبردار رہنا ہوگا۔ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے مزید کہا قوم کو اس مرحلے پر اتحاد کی ضرورت ہے ہمیں اپنی سلامتی اور دفاعی صلاحیتوں کے تحفظ کے لیے باہم ایک ہونا ہو گا#/s#امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ واشنگٹن ایران پر دباؤ جاری رکھے گا۔ایرانی تکلیف میں ہیں اور اس معاملے کا خاتمہ چاہتے ہیں۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جے ڈی وینس نے وضاحت کی کہ واشنگٹن ایک ایسا راستہ تیار کرنے پر کام کر رہا ہے جو آبنائے ہرمز کے ذریعے جہازوں کی محفوظ آمد و رفت کی اجازت دے۔انہوں نے مزید کہا موا ایران نے ہمیں بتایا ہے کہ وہ ہرمز کے ذریعے تیل کی زیادہ سے زیادہ ترسیل کی اجازت دے گا لیکن ہم اس پر بھروسہ نہیں کرتے۔امریکی نائب صدر نے مزید کہا کہ ہمارے منصوبے میں ایران کا یہ عہد بھی شامل ہے کہ وہ تجارتی جہازوں پر فائرنگ نہیں کرے گا۔امریکی نائب صدر نے واشنگٹن کی اس امید کا اظہار کیا کہ ایران کے ساتھ مذاکرات کے نتیجے میں آبنائے ہرمز کے ذریعے توانائی کی ترسیل جنگ سے پہلے کی سطح پر واپس آجائے گی۔وینس نے "فاکس نیوز" پر ایک معاہدے تک پہنچنے کی صورت میں آبنائے ہرمز کی موجودہ صورتحال کے بارے میں پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ہمیں توقع ہے کہ خلیجی خطے سے تیل اور گیس کی اتنی ہی مقدار کی ترسیل دیکھنے کو ملے گی جتنی تنازع سے پہلے تھی۔

بقیہ | بقیہ جات | 4

اظہار خیال کر رہی تھیں۔ملاقات کرنے والوں میں محمد یوسف کسیلہ، ملک نوشیر انجم لنگڑیال، میاں محمد ثاقب خورشید اور محمد نعیم اختر خان بھابھہ شامل تھے، ملاقات کے دوران سیاسی امور، ترقیاتی پراجیکٹس اور عوامی فلاحی منصوبوں پر بات چیت ہوئی۔ارکان صوبائی اسمبلی نے 5 دہائیوں سے سنگل اور خستہ حال وہاڑی ملتان روڈ کو دورویہ شاندار ایکسپریس وے میں بدلنے پر اظہار تشکر کیا اور وہاڑی ملتان روڈ دورویہ سڑک کو وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا گیم چینجر منصوبہ قرار دیا۔ارکان صوبائی اسمبلی نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو ملتان وہاڑی روڈ کی بحالی پر عوام کے شاندار فیڈ بیک سے آگاہ کیا اور کہا کہ وہاڑی ملتان روڈ کی تعمیر علاقے کی ترقی کیلئے سنگ میل ہے۔انہوں نے وہاڑی میں الیکٹرو بس سروس کے آغاز پر بھی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہاڑی سے بورے والا اور جہ سلطان پور میں الیکٹرو بس عوام کے لئے شاندار ٹرانسپورٹ ہے، الیکٹرو بس میں طلبہ، خواتین اور بزرگوں کیلئے مفت سفر کی سہولت وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا بے مثال اقدام ہے۔ارکان صوبائی اسمبلی کا کہنا تھا کہ تاریخ میں پہلی مرتبہ تحصیل بورے والا، میلسی اور وہاڑی میں تقریباً 21 ارب روپے کے میگا پراجیکٹ شروع کیے گئے ہیں، وہاڑی ریل بازار کی بیوٹیفکیشن سے شہر کا اربن کلچر نئے دور میں داخل ہو چکا ہے، دورویہ ملتان وہاڑی روڈ سے روزانہ چار اضلاع کے لاکھوں مسافر مستفید ہو رہے ہیں۔اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ پنجاب کے عوام کی خدمت کا جذبہ اپنے قائد محمد نواز شریف سے ورثہ میں ملا، وہاڑی ملتان روڈ کی فوری تعمیر علاقے کے عوام کا حق تھا جس کی اللہ تعالیٰ نے ہمیں توفیق دی۔انہوں نے کہا کہ پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام نے پہلی مرتبہ پورے صوبہ بھر یکساں ترقی کا کلچر متعارف کرایا، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے موجودہ مون سون میں نکاسی آب کی نئی سکیموں کی وجہ سے صورتحال میں نمایاں بہتری آئی، اب بارشوں کے بعد دنوں، ہفتوں اور مہینوں کھڑا ہونے والا پانی گھنٹوں میں نکال دیا جاتا ہے۔مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ کسان کارڈ سے جنوبی پنجاب کے کاشتکار، لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالرشپ سے طلبہ مستفید ہو رہے ہیں

بقیہ | بقیہ جات | 5

نے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر ردوبدل کو مسترد کرتے ہوئے اسے کاروبار کیلئے نقصان دہ قرار دیا ہے۔ٹرانسپورٹرز کا مطالبہ ہے کہ منسوخ کیے گئے 7 ہزار 500 گاڑیوں کے لائسنس بحال کیے جائیں اور اضافی ٹیکسز واپس لئے جائیں، انہوں نے ٹریفک جرمانوں اور مختلف ٹریفک قوانین پر بھی اعتراضات اٹھاتے ہوئے حکومتی اقدامات پر تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ہڑتال کے باعث مال بردار گاڑیوں کی نقل و حرکت متاثر ہونے سے سامان کی ترسیل کا نظام بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے، ٹرانسپورٹرز نے واضح کیا ہے کہ مطالبات تسلیم ہونے تک ہڑتال ختم نہیں کی جائے گی۔#s/#

بقیہ | بقیہ جات | 6

ذریعے پاک سرزمین سے والہانہ عشق کی عکاسی کی ہے، ثقافت اور حب الوطنی کا حسین سنگم اس بات کا خوبصورت مظاہرہ ہے کہ بلوچستان کا رنگ، سر اور ہر بول پاکستان کی سلامتی اور بقا کے لیے دھڑکتا ہے۔ملی نغمہ میں اس عزم کا اظہار ہے کہ ہمارا پیارا پاکستان صرف ایک جغرافیہ نہیں بلکہ ہماری پہچان ہے جس کے لیے جان بھی قربان ہے۔ملی نغمہ میں پاک وطن سے محبت کی یہ گونج ملک کے کونے کونے میں اتحاد، یکجہتی اور بھائی چارے کا روشن پیغام عام کرتی ہے، روح کو گرما دینے والا جذبہ، اختر چنال کے سحر انگیز اور والہانہ انداز بیان نے اس حقیقت کو دوبارہ زندہ کر دیا ہے کہ پاکستان کی محبت ہر وادی، ہر بولی اور ہر دل میں یکساں موجزن ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 7

کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے معدنی وسائل میں ویلیو ایڈیشن کے لیے امریکی سرمایہ کاری ضروری ہے۔سفیر پاکستان نے پاکستانی پنک نمک کی برآمد کے لیے 200 ملین ڈالر کے جاری مشترکہ منصوبے کا بھی خیر مقدم کیا جبکہ میریکل سالٹ ورکس کلیکو کے صدر سے ملاقات اور 200 ملین ڈالر کی پی ایم ڈی سی کے ساتھ جاری شراکت داری کے بارے میں بات چیت ہوئی۔سفیر پاکستان نے پاکستان کے سرجیکل آلات کے شعبے میں امریکی سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیا۔رضوان سعید شیخ نے میریلینڈ میں پاکستانی سرجیکل آلات کی فنشنگ، پیکیجنگ اور ڈسٹری بیوشن مرکز کا بھی دورہ کیا۔انہوں نے کہا کہ سرجیکل آلات کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی، تربیت اور ہنرمندی کے فروغ کی ضرورت ہے۔پاکستان کی توجہ سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، ہنرمندی اور ویلیو ایڈیشن پر مرکوز ہے۔سفیر رضوان شیخ کی پاک امریکن شکاگو لینڈ چیمبر آف کامرس کے عہدیداران سے بھی ملاقات ہوئی جس میں انہوں نے پاکستانی اور امریکی کاروباری برادری کے درمیان کاروباری روابط مزید مضبوط بنانے پر زور دیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 8

اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ نے 7 اگست 2026 کو مکہ مکرمہ میں مشترکہ طور پر دستخط کیے، یہ معاہدہ تینوں ممالک کی قیادت اور عوام کے درمیان گہرے برادرانہ تعلقات کا عکاس ہے۔انہوں نے کہا کہ مکہ معاہدہ کئی برس سے جاری باہمی مشاورت، رابطوں اور مذاکرات کا نتیجہ ہے۔اس کا بنیادی مقصد امن و سلامتی کو درپیش مختلف چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اسٹریٹجک تعاون کو مزید مضبوط بنانا اور خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کو فروغ دینا ہے۔نائب وزیراعظم نے واضح کیا کہ مکہ معاہدہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان پہلے سے موجود کسی دوطرفہ یا کثیر الجہتی معاہدے کو منسوخ یا متاثر نہیں کرتا۔اسی طرح تینوں ممالک کے دیگر ممالک یا عالمی و علاقائی تنظیموں کے ساتھ موجود معاہدے بھی اس معاہدے سے متاثر نہیں ہوں گے۔اسحاق ڈار نے کہا کہ معاہدے کا ایک اہم اصول یہ ہے کہ تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر بیرونی مسلح حملہ تمام ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔یہ اصول اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 کے تحت انفرادی اور اجتماعی دفاع کے حق سے ہم آہنگ ہے۔انہوں نے زور دے کر کہا کہ مکہ معاہدہ مکمل طور پر دفاعی نوعیت کا ہے اور کسی بھی ملک کے خلاف نہیں۔اس کا مقصد وسیع تر خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے جاری کوششوں کو مزید مؤثر اور مضبوط بنانا ہے۔نائب وزیراعظم کا کہنا تھا کہ معاہدہ خطے کے دیگر ممالک کے لیے بھی کھلا ہے، بشرطیکہ وہ اس کے بنیادی اصولوں پر عمل کرنے اور اپنے اختلافات کو باہمی احترام، تعاون اور پرامن ذرائع سے حل کرنے کے لیے تیار ہوں۔اسحاق ڈار نے کہا کہ مکہ معاہدہ پاکستان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی اصولوں سے ہم آہنگ ہے۔پاکستان خطے میں دیرپا امن اور استحکام کے لیے تمام برادر ممالک کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھنا چاہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان تمام تنازعات کے پرامن حل کی کوششوں کو آگے بڑھانے اور عوام کے لیے زیادہ محفوظ، مستحکم اور خوشحال مستقبل کی تعمیر کے عزم پر قائم ہے۔ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ فنی اعتبار سے نیٹو کے معاہدے کی دفعہ 5 میں درج اجتماعی دفاع کے اصول سے مشابہ ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے واضح کیا کہ یہ معاہدہ ایران یا کسی بھی دوسرے ملک کے خلاف نہیں ہے۔نیٹو معاہدے کی دفعہ 5 اجتماعی دفاع کے اصول پر مبنی ہے، جس کے تحت فریقین اس بات پر متفق ہیں کہ یورپ یا شمالی امریکہ میں ایک یا ایک سے زیادہ رکن ممالک پر مسلح حملہ تمام رکن ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔فیدان نے وضاحت کی کہ سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کی جانب سے طے پانے والے معاہدے میں نیٹو کے طرز پر ایک وزارتی کمیٹی تشکیل دینے کی شق شامل ہے، جبکہ معاہدے کی سرگرمیوں میں رابطہ کاری اور اس کے طریقہ کار پر عمل درآمد کے لیے ایک جنرل سیکرٹریٹ بھی قائم کیا جائے گا۔انہوں نے انکشاف کیا کہ بعض تکنیکی معاملات حل ہونے کے بعد مصر بھی اس دفاعی معاہدے میں شامل ہو سکتا ہے۔ترکیہ کے وزیر خارجہ نے زور دے کر کہا کہ یہ معاہدہ ایران کو ہدف نہیں بناتا اور کوئی بھی ملک اس معاہدے کا ہدف نہیں ہوگا، جب تک وہ رکن ممالک پر حملہ نہیں کرتا۔بحیرہ احمر کے حوالے سے فیدان نے کہا کہ سمندری آمد و رفت کا تحفظ ترکیہ کے مفادات سے براہ راست متعلق ہے۔سعودی وزارت خارجہ کے نائب وزیر امبیسیڈر ڈاکٹر رائد قرملی نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان کئی دہائیوں پر محیط گہرے تاریخی اور اسٹریٹجک تعلقات کی عکاسی کرتا ہے اور کئی برسوں تک جاری رہنے والے تفصیلی مذاکرات کے بعد طے پایا ہے۔ایکس اکاؤنٹ پر پوسٹ میں لکھا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا مقصد تینوں بانی ممالک کی مشترکہ دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانا، دفاعی تیاری بڑھانے کے ساتھ اسٹریٹجک دفاعی صلاحیتوں کو ترقی دینا اور ان کی سلامتی اور علاقائی سالمیت کو درپیش کسی بھی خطرے کا مشترکہ طور پر مقابلہ کرنے کے لیے تعاون کو فروغ دینا ہے۔انہوں نے واضح کیا معاہدے کا مقصد کسی فوجی اتحاد یا فرقہ وارانہ یا مسلکی بلاک کے قیام کی جانب کوئی پیش رفت نہیں ہے اور نہ ہی اس کا تعلق جوہری عزائم یا خطے میں اسلحے کی دوڑ سے ہے، بلکہ اس کا مقصد پائیدار خود انحصار صلاحیتوں کی ترقی ہے۔ڈاکٹر رائد قرملی نے کہا کہ یہ معاہدہ خلیجی، عرب اور بین الاقوامی سطح پر سعودی عرب کے مضبوط اور اسٹریٹجک تعلقات کی قیمت پر نہیں ہے، یہ خطے کے کسی ملک کی سلامتی کے لیے خطرہ ہے اور نہ کسی دو ممالک کے درمیان کشیدگی میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 9

معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہیں، یہ عالم اسلام کے ممالک کے لیے اہم پیشرفت ہے، کوشش کریں کہ ایران سمیت دیگر ممالک بھی معاہدے میں شامل ہوں، مکہ دفاعی معاہدے کے ذریعے ایک طاقتور نیٹ ورک بنانا چاہیے۔حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا خیبر پختونخوا میں امن وامان قائم کرنا حکومتوں کی ذمہ داری ہے، یہاں امن کے لیے ماحول کو سازگار بنانا چاہیے، بیرونی سازشیں اندرونی حالات کی وجہ سے کامیاب ہوتی ہیں۔حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا پیٹرول کی قیمت 225 روپے ہونی چاہیے، لیکن پیٹرول کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، جنگ ختم ہونے کے بعد بھی پیٹرول قیمتیں کم نہیں کی گئیں، حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی لیوی کی مد میں بڑی آمدنی کی، پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی کی آڑ میں یہ اپنی کرپشن چھپا رہے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ ایف بی آر کے عملے کی جانب سے 1300 ارب کی کرپشن کی جا رہی ہے، جن کی آمدنی ہی نہیں ان سے بھی ٹیکس لیا جا رہا ہے، اس ظلم کے خلاف سب سیاسی جماعتیں خاموش ہیں، جماعت اسلامی نے 7 اگست کو تاریخی احتجاج کیا، ہم عوامی مسائل کے لیے احتجاج کر رہے ہیں، ہم نے تمام بڑی شاہراہوں کو احتجاجاً بند کیا، ہمارے احتجاجوں میں ایک ایمبولینس کو بھی نہیں روکا گیا۔حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا بجلی بنانے پر پیسہ کم اور نہ بنانے پر زیادہ خرچہ ہوا ہے، اس وقت نااہلی اور کرپشن عروج پر ہے، آئی پی پیز مافیا کے خلاف سڑکوں پر نکلنا ہوگا، عوام کو اپنے حقوق کے لیے باہر نکلنا ہوگا۔

بقیہ | بقیہ جات | 10

کونسل خواجہ طارق سعید اور مسلم لیگ (ن) کے نامزد امیدوار محسن عزیز کے درمیان کانٹے کا مقابلہ متوقع ہے۔اطلاعات کے مطابق انتخابی اور سیکورٹی عملہ سمیت پولنگ میٹریل اتوار کی شام تک پولنگ سٹیشنز منتقل کرنے کا بتایا گیا۔رپورٹ کے مطابق ضلع باغ کے تین اور حویلی کے ایک انتخابی حلقے میں پیر کو پولنگ ہوگی۔یاد رہے کہ ترجمان الیکشن کمیشن آزاد جموں وکشمیر کے مطابق ضلع باغ اور حویلی میں انتخابی مہم ہفتہ کی رات 12 بجے ختم ہو چکی ہے، انتخابی مہم کے مقررہ وقت کے اختتام کے بعد ہر قسم کی انتخابی سرگرمی پر پابندی ہے۔آزاد جموں وکشمیر کے چیف الیکشن کمشنر جسٹس (ر) غلام مصطفیٰ مغل نے واضح کیا کہ سکیورٹی وجوہات کے باعث باغ اور حویلی کی چار نشستوں پر پہلے انتخابی عمل مکمل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اگلے سات روز میں راولاکوٹ اور سدھنوتی کے لئے انتخابی تاریخ کا اعلان کیا جا سکتا ہے تاہم امیدواروں کو انتخابی مہم کیلئے مناسب وقت دینا ہوگا۔

بقیہ | بقیہ جات | 11

جائے گی۔پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے قوم کو 79ویں یوم آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ 14 اگست کو ہمیں اس عزم کا اظہار کرنا ہے کہ سب مل کر پاکستان میں نئی خوشحالی کا دور شروع کریں گے، ہم سب نے مل کر ملک کو علامہ اقبال اور قائد اعظم کا پاکستان بنانا ہے۔نواز شریف نے ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا، جبکہ وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی کاوشوں سے مکہ معاہدہ ہوا جس پر پوری قوم کو فخر ہے، حکومت کی حکمت عملی اور مضبوط فوج کے باعث پاکستان کی ترقی کے لیے نئی تاریخ رقم ہونے جا رہی ہے۔حکومت قوم سے وعدہ کرتی ہے کہ اگلی منزل معاشی میدان میں ترقی ہے اور اس مقصد کے لیے بھرپور کاوشیں جاری ہیں۔ پاکستان نیٹ سیکیورٹی مہیا کرنے والا ملک ہے جو خطے میں امن اور تحفظ کا ضامن ہوگا، وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کو دیوالیہ ہونے کے خطرے سے نکالا، اب حکومت کا کام ملک کو مستقل ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے۔وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے کہا کہ ایران اور امریکہ کی جنگ کے باعث پاکستان کو وقتی طور پر مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، دنیا میں خام تیل کی قیمت 170 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی تاہم پاکستان میں پیٹرول کی قلت پیدا نہیں ہونے دی گئی۔بنگلہ دیش اور سری لنکا جیسے ممالک جن کی معیشت پاکستان سے ملتی جلتی ہے، وہاں شناختی کارڈ دیکھ کر ایک سے دو لیٹر پیٹرول لینے کے لیے بھی ہلاکتیں ہوئیں لیکن پاکستان میں ایسی صورتحال پیدا نہیں ہوئی، جنگ بندی کے بعد عالمی سطح پر قیمتوں میں آنے والی کمی کا فائدہ حکومت نے عوام تک پہنچایا، ٹرانسپورٹ ہو یا موٹر سائیکل استعمال کرنے والے شہری، بڑھتی قیمتوں کے باوجود آئی ایم ایف پروگرام کے ہوتے ہوئے بھی عوام کو سبسڈی دی گئی۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے وعدہ کیا تھا کہ بین الاقوامی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں ایک شفاف طریقے سے عوام کے سامنے رکھی جائیں گی، حکومت بیرون ملک سے جو توانائی درآمد کرتی ہے اس کی تمام لاگت اور نرخ اوگرا کے ویب پیج پر شائع کیے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ میں کوئی جادوگر یا نجومی نہیں کہ مستقبل کی قیمتوں کی پیشگوئی کر سکوں تاہم اوگرا کی ویب سائٹ پر تمام تفصیلات عوام کے سامنے ہوں گی، پیٹرول کی عالمی قیمت جیسے ہی کم ہوگی، پاکستان میں بھی پیٹرول کی قیمت کم ہو جائے گی۔انہوں نے وضاحت کی کہ پیٹرول کی قیمت روزانہ کی بنیاد پر نہیں بلکہ 7 دن کے تناسب سے طے کی جاتی ہے، اگر عالمی منڈی میں ایک دن میں 20،20 ڈالر تک قیمتوں میں اتار چڑھاؤ آ رہا ہو تو اس کے اثرات برداشت کرنا ہوں گے۔پاکستان اپنی توانائی کی ضروریات کا بڑا حصہ درآمدات سے پورا کرتا ہے، سابق حکومتوں نے مقامی گیس اور تیل کے ذخائر کی دریافت کے لیے خاطر خواہ انتظام نہیں کیا جس کے باعث آج ہمیں بیرون ملک سے توانائی درآمد کرنا پڑ رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان، وزیرستان اور دیگر علاقوں میں گیس جبکہ بعض علاقوں میں تیل کے ذخائر موجود ہیں، سوال یہ ہے کہ ان وسائل سے ماضی میں خاطر خواہ فائدہ کیوں نہیں اٹھایا گیا، پاکستان میں تیل کی یومیہ طلب تقریباً 5 لاکھ بیرل ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 12

اور حب الوطنی سے بھرپور نغمے کو دیکھ کر ان کا دل فخر سے بھر گیا ہے۔انہوں نے نغمے کے گلوکاروں، فنکاروں، پروڈیوسرز اور اس شاندار کاوش کے پیچھے شامل ہر فرد کے لیے دلی قدر دانی اور تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ تمام متعلقہ افراد نے اپنے فن اور کاوش کے ذریعے پاکستان سے محبت کے جذبے کو نہایت خوبصورتی سے اجاگر کیا ہے۔انہوں نے بلوچستان کے فنکاروں اور تخلیق کاروں کی کاوش کو سراہتے ہوئے اپنے پیغام کا اختتام 'پاکستان زندہ باد' کے نعرے سے کیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 13

رہنماؤں سے مشاورت کے بعد کیا ہے جبکہ علیمہ خان بھی تحریک میں ساتھ ہوں گی۔انہوں نے لانگ مارچ کا مقصد واضح کرتے ہوئے بتایا کہ پی ٹی آئی کی لانگ مارچ کا مقصد بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی نہیں بلکہ ان تک رسائی ہے، رہائی آئین وقانون کے مطابق ہوگی۔لانگ مارچ کے لیے ڈیڑھ ماہ بعد کی تاریخ دینے کے سوال پر سہیل آفریدی نے کہا کہ موسم اور تیاری کے لیے مناسب وقت ملنے کی وجہ سے 27 ستمبر کی تاریخ دی گئی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 14

،قوم کی حمایت سے بلوچستان سے فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا:محسن نقوی

بقیہ | بقیہ جات | 15

مشترکہ وزارتی کمیشن کے آئندہ اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ وزارت سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر تجارت اور بیلاروس کے سفیر نے دوطرفہ روابط میں بڑھتی ہوئی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور تجارت، سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان کے وزیر اعظم اور بیلاروس کے صدر کے درمیان خوشگوار تعلقات نے دوطرفہ تعلقات کو مضبوط کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے رہنماؤں کے درمیان باہمی مفاہمت اور مسلسل روابط نے متعدد شعبوں میں عملی تعاون کے لیے نئی راہیں کھول دی ہیں۔بات چیت میں دوطرفہ لین دین کو آسان بنانے اور دونوں ممالک میں کاروباری اداروں کی معاونت کے لیے عملی مالی انتظامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ متعلقہ مالیاتی ادارے اور تکنیکی ماہرین محفوظ اور باہمی طور پر قابل قبول ادائیگی کے طریقہ کار بشمول مقامی کرنسی میں تصفیوں اور دیگر متبادل انتظامات پر مشاورت جاری رکھیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان زراعت، کھاد، انجینئرنگ مصنوعات، ٹریکٹرز، بھارتی مشینری، توانائی کی مصنوعات اور غذائی اجناس کے شعبوں میں تعاون کے نمایاں مواقع موجود ہیں۔بیلاروس کے سفیر نے وفاقی وزیر کو آگاہ کیا کہ بیلاروس میں ملازمت کرنے والے پاکستانی کارکنوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے جبکہ ہنرمند کارکنوں کی طلب میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔فریقین نے پاکستانی کارکنوں کے لیے روزگار کے مواقع کو مزید وسعت دینے کے لیے شفاف بھرتی، مناسب مہارتوں کی مطابقت اور ادارہ جاتی سطح پر قریبی ہم آہنگی کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔وفاقی وزیر تجارت نے بیلاروس کی جدید انجینئرنگ اور صنعتی صلاحیتوں بالخصوص ٹریکٹرز، ٹرکوں اور زرعی مشینری کی پیداوار کو سراہا اور ان شعبوں میں تعاون کی بتدریج بحالی کا خیر مقدم کیا۔ملاقات میں بیلاروس کے وزیر کے آئندہ دورے اور مشترکہ وزارتی کمیشن کی تیاریوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔فریقین اس بات پر متفق ہوئے کہ آئندہ روابط سے عملی تعاون کو آگے بڑھانے، تجارت سے متعلق امور کو حل کرنے اور اقتصادی شراکت داری کے نئے شعبوں کی نشاندہی کرنے کے لیے بھرپور استفادہ کیا جائے۔

بقیہ | بقیہ جات | 16

موصول ہونے والی درخواستوں، اور متعلقہ اداروں سے حاصل ہونے والی معلومات کی روشنی میں کیا گیا ہے۔ترجمان نے واضح کیا کہ ضلع پونچھ اور ضلع پلندری کے انتخابی حلقوں میں 10 اگست کو پولنگ نہیں ہوگی، تاہم ضلع باغ کے تین انتخابی حلقوں اور ضلع حویلی کے ایک انتخابی حلقے میں پہلے سے جاری شیڈول کے مطابق 10 اگست کو ہی پولنگ منعقد کی جائے گی۔پریس ریلیز کے مطابق مؤخر کیے گئے حلقوں کیلئے نئی تاریخ اور نظرثانی شدہ انتخابی شیڈول کا اعلان بعد ازاں حالات کا جائزہ لینے اور تمام متعلقہ امور کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے گا۔الیکشن کمیشن نے کہا کہ انتخابات مؤثر کرنے کا مقصد آزادانہ، منصفانہ، شفاف اور پرامن ماحول میں ووٹنگ کے انعقاد کو یقینی بنانا ہے، جبکہ کمیشن انتخابی عمل کی شفافیت اور عوام کے اعتماد کو ہر صورت برقرار رکھنے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 17

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر نے رکھا۔یہ منصوبہ یو ایم ٹی لاہور کے ایلومنائی کی معاونت سے تعمیر کیا جا رہا ہے اور یونیورسٹی میں سابق طلبہ کی ادارہ جاتی ترقی کے لیے شراکت داری کی ایک نمایاں مثال ہے۔تقریب میں رجسٹرار، مختلف فیکلٹیز کے ڈینز، شعبہ جات کے چیئرمینز، اساتذہ کرام، افسران، اور معزز مہمانوں بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر نے کہا کہ یہ منصوبہ سابق طلبہ کی اپنی مادر علمی سے محبت، وابستگی اور احساس ذمہ داری کا عملی اظہار ہے۔ یو ایم ٹی لاہور اپنے ایلومنائی کے تعاون کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور یہی باہمی اشتراک یونیورسٹی کی علمی و تحقیقی میدان میں مزید مضبوط بناتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک اسٹڈیز کی ایکسٹینشن بلڈنگ صرف ایک نئی عمارت نہیں بلکہ ایک نئے علمی وژن کی علامت ہے، جس کا مقصد اسلامی علوم کو عصر حاضر کے تقاضوں، جدید ٹیکنالوجی، تحقیق اور اختراعی سوچ سے ہم آہنگ کرنا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 18

ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام کی فلاح و بہبود، نوجوانوں کو بہتر مواقع فراہم کرنا اور خواتین کے تحفظ کو حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل رکھا گیا ہے انہوں نے پارٹی کارکنان پر زور دیا کہ وہ عوام کے درمیان رہ کر خدمت کے جذبے کو فروغ دیں اور حکومت کے عوامی فلاحی اقدامات سے شہریوں کو آگاہ کریں۔رانا محمد ارشاد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) عوام کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے پنجاب کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی کے سفر کو مزید آگے بڑھائے گی۔

بقیہ | بقیہ جات | 19

پر فروخت نہیں کی جا رہی۔اوپن مارکیٹ میں ایل پی جی 400 سے 430 روپے فی کلو تک فروخت کی جا رہی ہے۔دکانداروں کا موقف ہے کہ انہیں ڈسٹری بیوٹرز سے ایل پی جی سرکاری نرخنامے کے مطابق نہیں مل رہی جس کی وجہ سے وہ بھی مہنگے داموں فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔دوسری جانب سرکاری ادارے بھی ڈسٹری بیوٹرز اور کمپنیوں سے پوچھ گچھ کرنے کی بجائے چھوٹے دکانداروں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 20

۔انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کے ساتھ تحریری معاہدہ کرنا چاہتے ہیں تاکہ ہم اکٹھے آگے سفر کر سکیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 21

پاکستان نے سوات حملے کی ذمہ داری قبول کی۔سلامتی کونسل کے ارکین متاثرین کے اہلخانہ، حکومت پاکستان اور عوام سے ہمدردی اور تعزیت کرتے ہیں، زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔ترجمان سلامتی کونسل نے کہا کہ دہشت گردی بین الاقوامی امن وسلامتی کے لیے سنگین ترین خطرات میں سے ایک ہے۔ترجمان نے کہا کہ دہشتگردانہ کارروائیوں کے مرتکب، منصوبہ سازوں، مالی معاونین اور سرپرستوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔تمام ممالک بین الاقوامی قانون وسلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے تحت اپنی ذمہ داریوں کے مطابق اس سلسلے میں حکومتِ پاکستان سے تعاون کریں۔

بقیہ | بقیہ جات | 22

ایکریڈیٹیشن کمیٹی کی سفارشات پر جاری کیا گیا۔صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اپنے خطاب میں کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی استعداد کار میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔صحت کے نظام کی بہتری کیلئے تاریخی اور نمایاں اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کے ذریعے ہزاروں انسانی زندگیوں کو بچایا جا رہا ہے۔حکومت پنجاب صحت کے نئے اور منفرد پروگرامز کے ذریعے عوام کو اربوں روپوں کے مفت علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کر چکی ہے۔ڈائریکٹر جنرل پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی پروفیسر عامر زمان خان نے کہا کہ حکومتِ پنجاب کے وژن کے مطابق پی ہوٹا کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔پنجاب میں انسانی اعضاء کی غیر قانونی پیوندکاری میں ملوث عناصر کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 23

پاسپورٹ دفاتر کو ماڈل دفاتر میں تبدیل کریں، جہاں صفائی، نظم و ضبط، مناسب ماحول اور پاسپورٹ درخواست گزاروں کیلئے تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے تمام زونل ہیڈز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے متعلقہ ایف آئی اے زونل دفاتر کے ساتھ رابطہ رکھیں اور ایجنٹ وٹاؤٹ مافیا کے خلاف مؤثر کارروائی کرتے ہوئے پاسپورٹ دفاتر سے ان کے مکمل خاتمے کو یقینی بنائیں۔اجلاس میں یہ بھی ہدایت کی گئی کہ کیش لیس پاسپورٹ فیس ادائیگی نظام سے متعلق آگاہی ویڈیوز تمام پاسپورٹ دفاتر میں نمایاں طور پر چلائی جائیں تاکہ درخواست گزاروں کو ادائیگی کے جدید طریقہ کار سے آسانی سے آگاہ کیا جا سکے۔ڈی جی نے مزید ہدایت کی کہ پاسپورٹ ہوم ڈیلیوری سروس سے متعلق بینرز اور اسٹینڈیز تمام پاسپورٹ دفاتر میں نمایاں مقامات پر آویزاں کیے جائیں تاکہ عوام اس سہولت سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔انہوں نے متعلقہ افسران کو یہ بھی ہدایت کی کہ جن درخواست گزاروں نے اپنے پاسپورٹس تا حال وصول نہیں کیے ان سے فوری رابطہ کر کے مقررہ طریقہ کار کے مطابق پاسپورٹس کی بروقت ترسیل کو یقینی بنایا جائے۔ڈائریکٹر جنرل نے ہدایت دی کہ تجدید پاسپورٹ کی درخواستوں کو ترجیحی بنیاد پر پراسیس کیا جائے تاکہ عوام کو تیز، منظم اور مؤثر خدمات فراہم کی جا سکیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 24

خاتون چیف جسٹس تھیں، انہوں نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کا ٹرائل روکنے کا فیصلہ کالعدم قرار دیا، فوجی عدالتوں کا فیصلہ انٹرا کورٹ اپیل میں منتقل کرنے کی مخالفت کی، فوجی عدالتوں کے مجرمان کو سپریم کورٹ نے اپیل کا حق دینے کی ہدایات دیں۔صدر سپریم کورٹ بار نے کہا کہ جسٹس مسرت ہلالی کا عدالتی سفر اپنے اختتام کو پہنچا، دعا گو ہوں کہ اللہ پاک انہیں صحت اور مزید کامیابیاں عطا کرے، صدر مملکت سے درخواست کرتے ہیں کہ ججز تقرریوں کی منظوری میں مزید تاخیر نہ ہو۔

بقیہ | بقیہ جات | 25

بائی وے پر واقع دوسہ کراس چوکی پر رات گئے نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کیا جس کے نتیجے میں دوران ڈیوٹی اپنے فرائض انجام دینے والے پولیس اہلکار حافظ عبدالرشید ابڑو جام شہادت نوش کر گئے۔واقعے کے بعد پولیس اور سیکیورٹی اداروں کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنے کا عمل شروع کر دیا گیا۔شہید اہلکار کی میت ضروری کارروائی کے بعد آبائی علاقے روانہ کی گئی۔پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے واقعے کی تحقیقات کا آغاز کرتے ہوئے حملہ آوروں کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن بھی شروع کر دیا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 26

کے قواعد میں اہم ترامیم کی منظوری دے دی۔حکومت نے پنجاب ڈویلپمنٹ اتھارٹی پرائیویٹ ہاؤسنگ سکیم رولز 2021ء میں ترمیم کی منظوری دے دی جبکہ پنجاب افورڈیبل پرائیویٹ ہاؤسنگ سکیم رولز 2020ء میں بھی تبدیلیوں کی منظوری دی گئی ہے۔حکومت کے مطابق ہاؤسنگ اصلاحات کے تحت نجی ہاؤسنگ سکیموں کا ریگولیٹری فریم ورک تبدیل کیا جائے گا اور نئی ہاؤسنگ سکیموں کی منظوری و نگرانی کا نظام بھی نئے قواعد کے تحت چلایا جائے گا۔ترمیم شدہ قواعد کے ذریعے سستی رہائش کے منصوبوں کو فروغ دینے کے ساتھ ہاؤسنگ سیکٹر میں شفافیت اور ریگولیٹری نظام کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔نئی ہاؤسنگ سکیموں کی منظوری اور نگرانی کے عمل کو بھی زیادہ مؤثر اور منظم بنانے کے اقدامات کیے جائیں گے۔حکومت کے مطابق مجوزہ ترامیم پر عملدرآمد ہاؤسنگ، اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے کیا جائے گا، جس کا مقصد نجی ہاؤسنگ شعبے میں بہتر نظم و نسق، شفافیت اور سستی رہائش کے فروغ کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 27

جاں بحق ہونے والے نوجوان کی لاش کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر دیا گیا، حادثے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 28

قتل میں ملوث مرکزی شوٹرز سمیت 3 ملزمان افغانستان کے قریب سرحدی علاقے میں پہنچ گئے۔تحقیقات کے مطابق مرکزی شوٹرز سمیت تین ملزمان افغانستان سے ملحقہ سرحدی علاقے تک پہنچ چکے ہیں جن کی گرفتاری کے لیے پولیس کی ایک خصوصی ٹیم متعلقہ علاقے میں موجود ہے۔پولیس نے عبداللہ طاہری کی ریکی کرنے والے مبینہ ڈرون آپریٹر کی بھی نشاندہی کر لی ہے۔تفتیش کے مطابق قتل کے منصوبے پر عملدرآمد سے قبل ڈرون کی چار پروازیں کی گئیں جن کے ذریعے نقل وحرکت اور ریکی کی گئی۔

بقیہ | بقیہ جات | 29

تاہم ان کی باتوں کو جذباتی سمجھتے ہیں اور ان پر مزید تبصرہ نہیں کریں گے۔حذیفہ رحمن نے کہا کہ پیپلز پارٹی مسلم لیگ (ن) کی اچھی اتحادی ہے، تاہم پیپلز پارٹی کے بغیر بھی مسلم لیگ (ن) کے پاس حکومت کے لیے مطلوبہ نمبرز موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ نمبر گیم تک صرف مسلم لیگ (ن) کے لیے نہیں بلکہ سندھ اور بلوچستان کی حکومتوں کیلئے بھی ہوگی۔ایک سوال کے جواب میں حذیفہ رحمن نے کہا کہ میں اس بیان سے اتفاق نہیں کرتا کہ انہوں نے 30 سال کا سفر 3 سال میں طے کیا۔انہوں نے بتایا کہ 1 ماہ قبل وزیراعظم شہباز شریف نے تمام وزارتوں سے کارکردگی رپورٹس طلب کی ہیں

بقیہ | بقیہ جات | 30

جبکہ میٹرک ووکیشنل میں 93.73 فیصد امیدوار کامیاب قرار پائے۔ میٹرک ووکیشنل (ہیئرنگ امپیئرڈ) پروگرام میں کامیابی کا تناسب 13.87 فیصد ریکارڈ کیا گیا، جو تمام پروگراموں میں سب سے زیادہ رہا۔اسی طرح ڈی اے ای سو پاک ڈوبل ڈگری پروگرام فرسٹ ایئر میں کامیابی کا تناسب 17.84 فیصد رہا جبکہ سیکنڈ ایئر میں 65 فیصد طلبہ امتحان میں کامیاب ہوئے۔پوزیشن ہولڈرز کی فہرست کے مطابق میٹرک ٹیک میں منزل بشیر نے پہلی، عائشہ ظفر نے دوسری اور حسن کمال نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔میٹرک ووکیشنل میں شازیہ احمد پہلی، حمیرا بتول دوسری جبکہ سحرین فاطمہ تیسری پوزیشن کی حقدار قرار پائیں۔میٹرک ووکیشنل (ہیئرنگ امپیئرڈ) میں ابیہا نے پہلی، خدیجہ داؤگل نے دوسری اور سیحا ظفر نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔چیئرمین پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن ڈاکٹر فیصل محمود نے کامیاب امیدواروں اور پوزیشن ہولڈرز کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ و طالبات کے اعزاز میں جلد میڈل ایوارڈ تقریب منعقد کی جائے گی، جس میں انہیں میڈلز، اسناد اور دیگر انعامات سے نوازا جائے گا۔

بقیہ | بقیہ جات | 31

ارے معظم اقبال سپرانے کیس ریونیو اہداف کے حصول کیلئے فیلڈ فارمیشنز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا ۔معظم اقبال سپرا نے کہا کہ نئے سیکٹرز میں ریونیو اہداف کے حصول کیلئے انفورسمنٹ ٹیموں کی استعداد کار میں اضافہ ناگزیر ہے، ای آئی ایم ایس کے مکمل نفاذ میں غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ہدایت کی کہ انفورسمنٹ ٹیمیں تمام اضلاع میں جعلی رسیدوں کے خلاف کارروائیاں مزید موثر بنائیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 32

چھیڑ چھاڑ یا ردوبدل کرنا قانونی جرم ہے، غیر نمونہ فینسی نمبر پلیٹس لگانے پر گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں بند کی جائیں۔اس حوالے سے ڈی آئی جی ٹریفک وقاص نذیر نے افسران کو ہدایت کی کہ ٹریفک ون ایپ سے جعلی نمبر لگانے والوں کے خلاف بھرپور کارروائی کریں، سی ٹی او اور ڈی ٹی اوز بہترین حکمت عملی سے کارروائی کو مؤثر بنائیں۔انہوں نے کہا کہ صوبہ بھر میں کمرشل نان کمرشل ہر قسم کی گاڑیوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔نمبر پلیٹ گاڑی کی پہچان ہے گاڑی کی پہچان کو چھپانا قانونا جرم ہے۔جعلی غیر قانونی نمبر پلیٹس لگا کر اپنا مستقبل تاریک مت بنائیں۔شہری محکمہ ایکسائز کی ہدایات کے مطابق نمبر پلیٹ کا استعمال کریں۔

بقیہ | بقیہ جات | 33

کوشش ناکام بنا دی۔انہوں نے بتایا کہ ملزم گرفتاری سے بچنے کے لیے فرار ہو رہا تھا تاہم پولیس نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسے گرفتار کر لیا۔پولیس کے مطابق مرکزی ملزم شیراز خان کو انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کے دوران پولیس کی خصوصی ٹیم نے گرفتار کیا۔کامیاب کارروائی پر ایس پی اقبال ٹاؤن نے ایس ایچ او اسد بشیر، سب انسپکٹر قاسم اور پولیس ٹیم کے لیے شاباش اور تعریفی اسناد کا اعلان کیا۔ایس پی سدرہ خان نے کہا کہ انسانی جان لینے والے ملزمان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ | بقیہ جات | 34

ہزار سے زائد لنکس بلاک کیے گئے۔یوٹیوب پر 66 ہزار سے زائد یو آر ایل بند، بلاکنگ ریٹ 88.6 فیصد رہی، واٹس ایپ کے 50 ہزار، انسٹاگرام کے 45 ہزار سے زائد یو آر ایل بلاک کیے گئے۔پی ٹی اے کے مطابق دہشت گردی سے متعلق 1 لاکھ 41 ہزار سے زائد یو آر ایل، قومی سلامتی ودفاع کے خلاف 74 ہزار سے زائد یو آر ایل، اسلام کے خلاف مواد پر ایک لاکھ 12 ہزار 482 یو آر ایل بند کر دیئے گئے۔فرقہ واریت اور نفرت انگیز مواد کے 52 ہزار سے زائد یو آر، پراکسی ویب سائٹس کے خلاف سخت کارروائی، 99.99 فیصد یو آر ایل بلاک کیے گئے۔زیر جائزہ عرصے کے دوران پی ٹی اے نے 17 لاکھ سے زائد شکایات پر کارروائی کی، 76 ہزار سے زائد شکایات زیر جائزہ، ایک لاکھ سے زائد درخواستیں مسترد کر دی گئی۔

بقیہ | بقیہ جات | 35

نے دھر لیا، ملزم کے خلاف تھانہ گرین ٹاؤن میں مقدمہ درج کر کے ملزم کو حوالات میں بند کر دیا گیا۔سی ٹی او سید عبدالرحیم شیرازی نے کہا کہ ون ویلنگ، تیز رفتاری اور اوور سپیڈنگ کسی صورت برداشت نہیں، والدین نوجوانوں کو ون ویلنگ جیسے خطرناک شوق سے دور رکھیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 36

ایک روز قبل دکاندار محبوب کو فون کر کے موبائل بیچ لگانے کا کہا تھا۔دکاندار کے دکان پر موجود نہ ہونے کے باعث بیچ نہ لگ سکا، جس پر دونوں کے درمیان جھگڑا ہوا۔پولیس کا کہنا ہے کہ اسی رنجش پر ملزم نے موبائل شاپ پر فائرنگ کر دی۔فائرنگ کی زد میں آکر دکاندار محبوب زخمی ہو گیا، جسے طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔مانگا منڈی پولیس نے ملزم ساجد کے خلاف مقدمہ درج کر کے اسے مزید تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا ہے۔ایس پی صدر کے مطابق ملزم کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی جاری ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 37

۔اجلاس میں جشن آزادی کی تقریبات کے لیے کھیلوں، ثقافتی، قومی اور تفریحی سرگرمیوں کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔بریفنگ کے دوران مختلف پروگرامز کے انعقاد، عوامی شرکت اور شہر بھر میں تقریبات کے انتظامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر لاہور نے کہا کہ اس سال لاہور میں جشن آزادی قومی جوش، جذبے اور شان و شوکت کے ساتھ منائی جائے گی۔مختلف تقریبات کے ذریعے قومی یکجہتی، حب الوطنی اور عوامی شرکت کو فروغ دیا جائے گا جبکہ پورے ماہ کے دوران سپورٹس ایونٹس، ثقافتی سرگرمیاں، چراغاں اور خصوصی لائٹنگ جشن آزادی کا حصہ ہوں گے۔مشیر وزیراعلیٰ پنجاب ذیشان ملک نے کہا کہ لاہور شہر جشن آزادی کی مرکزی تقریبات کا نمایاں مرکز ہوگا اور اگست بھر شہر کو قومی رنگوں اور خصوصی تقریبات کے ذریعے جشن آزادی کا حقیقی مرکز بنایا جائے گا۔

بقیہ | بقیہ جات | 38

مطابق قبل ازیں مختلف یونٹس مختلف طرز کے پیٹرن میں یونیفارم زیب تن کرواتے تھے۔حکام کے مطابق رواں مالی سال میں ضلعی پولیس، پی ایچ پی، ٹریفک، ایلیٹ، ایس پی یو، آر ایم پی سمیت دیگر کیلئے 2 لاکھ 53 ہزار یونیفارم مزید خریدی جائیں گی، ضلعی پولیس کے لئے اولیو گرین سوا لاکھ سے زائد خریدی جائے گی۔حکام کے مطابق رواں سال بجٹ میں یونیفارم کی خریداری کے لئے پونے 2 ارب کا بجٹ مختص کیا گیا ہے، تمام یونٹس کے جوانوں کے لئے ایک ہی یونیفارم لازمی تیار کروایا جائے گا، 2 لاکھ 53 ہزار یونیفارم کی خریداری کے لئے رواں ماہ پری کوالیفکیشن کا عمل شروع کر دیا جائے گا۔حکام کے مطابق گزشتہ سال ضلعی پولیس کے لئے خریدی گئی یونیفارم میں 90 ہزار موصول ہو چکی اور جلد تقسیم کا عمل شروع کر دیا جائے گا۔

بقیہ | بقیہ جات | 39

صنعت تیزی سے ڈیجیٹل تبدیلی کی جانب بڑھ رہی ہے جبکہ پاکستان کو بھی اس رفتار کا حصہ بننے کے لیے موثر حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی۔مصنوعی ذہانت، مشین لرننگ، خودکار نظام اور ڈیٹا پر مبنی فیصلے نہ صرف پیداواری صلاحیت میں اضافہ کرتے ہیں بلکہ اخراجات میں کمی اور حفاظتی معیار کو بھی بہتر بناتے ہیں۔اس مقصد کے لیے صنعت اور تعلیمی اداروں کے درمیان مضبوط روابط قائم کرنا ناگزیر ہے تاکہ جدید مہارتوں سے آراستہ افرادی قوت تیار کی جا سکے۔آپریٹرز اور انجینئرز کی عملی تربیت کے لیے جدید سمولیٹرز اور ڈیجیٹل تربیتی پروگرام متعارف کرانے سے شعبے کی مجموعی کارکردگی میں نمایاں بہتری لائی جا سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ملک ہے تاہم ان وسائل سے مکمل استفادہ جدید سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی اور شفاف پالیسیوں کے ذریعے ہی ممکن ہے۔حکومت، صنعت، جامعات اور ٹیکنالوجی فراہم کرنے والے ادارے اگر مشترکہ حکمت عملی اپنائیں تو پاکستان کا کان کنی کا شعبہ نہ صرف ملکی معیشت میں نمایاں کردار ادا کر سکتا ہے بلکہ روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور سرمایہ کاری کے فروغ کا بھی موثر ذریعہ بن سکتا ہے۔انہوں نے تجویز دیتے ہوئے کہا کہ کان کنی کے شعبے کے لیے ایک جامع قومی ڈیجیٹل روڈ میپ تیار کیا جائے جس میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، افرادی قوت کی مسلسل تربیت، تحقیق و ترقی، سرمایہ کاروں دوست پالیسیوں اور سرکاری و نجی شعبے کے موثر اشتراک کو ترجیح دی جائے تاکہ پاکستان معدنی وسائل سے بھرپور معاشی فوائد حاصل کر سکے۔

بقیہ | بقیہ جات | 40

فروغ سمیت دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی نے سفیر کا خیر مقدم کرتے ہوئے پاکستان اور قازقستان کے درمیان ثقافتی تعلقات کے فروغ میں ان کی خدمات کو سراہا۔انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان قائم ہونے والا قریبی تعاون سفیر کے جانشین کے دور میں بھی اسی جذبے کے ساتھ جاری رہے گا۔سفیر یرژان کستافین نے پاکستان، قازقستان اور وسطی ایشیا کے ممالک کے درمیان تاریخی، ثقافتی اور برادرانہ تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ان مضبوط روابط کو مزید فعال اور مستحکم بنانے کی ضرورت ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ سال پاکستان اور قازقستان کے درمیان براہ راست پروازوں کا آغاز ہوگا جس سے سیاحت، تجارت اور ثقافتی تبادلوں کو فروغ ملے گا۔انہوں نے پاکستانی طلبہ کے لیے قازقستان کی جانب سے فراہم کی جانے والی تعلیمی وظائف (سکالرشپس) کا بھی ذکر کیا۔وفاقی وزیر نے رائے کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان ہونے والے اتفاق رائے کے مطابق آئندہ سال وزیراعظم پاکستان کے متوقع دورہ قازقستان سے دوطرفہ تعلقات کو مزید تقویت ملے گی اور تعاون کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔سفیر نے وفاقی وزیر کو آگاہ کیا کہ قازقستان کے دارالحکومت آستانہ میں اوپیرا تھیٹر، بیلے تھیٹر اور نیشنل تھیٹر سمیت متعدد عالمی شہرت یافتہ ثقافتی ادارے موجود ہیں۔انہوں نے تجویز دی کہ وزیراعظم پاکستان کے متوقع دورے کے موقع پر دونوں ممالک کے فنکاروں کی مشترکہ ثقافتی پرفارمنس کا اہتمام کیا جائے جو پاکستان اور قازقستان کی مضبوط ثقافتی شراکت داری کی علامت ہوں گی۔

بقیہ | بقیہ جات | 41

اضافی پریمیم کے نام پر غیر قانونی وصولیاں کر رہی ہیں، مارکیٹنگ کمپنیوں سے اضافی پریمیم کی وصولی قانون کے خلاف ہے۔اضافی پریمیم کی وصولی سے شہریوں کو مہنگی گیس خریدنے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔عدالت نے ریمارکس دیئے کہ گیس عام آدمی کے استعمال کی چیز ہے، کمپنیاں رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔عدالت نے ایل پی جی کی اضافی پریمیم وصولی کے معاملے پر اوگرا اور متعلقہ کمپنیوں کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 42

نظر ثانی درخواست بھی مسترد کر دی، تحریری فیصلے میں عدالت نے قرار دیا کہ استغاثہ ملزم کے خلاف قتل کا الزام معقول شک سے بالاتر ہو کر ثابت کرنے میں ناکام رہا۔عدالت نے اپنے فیصلے میں مزید کہا کہ کسی خاتون کی غیر فطری موت کی صورت میں صرف اس وجہ سے شوہر کو خود بخود مجرم قرار نہیں دیا جا سکتا، پہلے استغاثہ پر لازم ہے کہ وہ ایسے مضبوط شواہد پیش کرے جو ملزم کو جرم سے جوڑتے ہوں، اس کے بعد ہی ملزم سے کسی وضاحت کی توقع کی جا سکتی ہے، فیصلے میں کہا گیا کہ صرف یہ حقیقت کہ خاتون کی موت گھر کے اندر ہوئی، قتل کا جرم ثابت کرنے کے لیے کافی نہیں، اگر استغاثہ شواہد کی مضبوط بنیاد فراہم نہ کر سکے تو عدالت محض شبہ، قیاس یا مفروضوں کی بنیاد پر سزا برقرار نہیں رکھ سکتی۔عدالت نے اسی اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے میاں خان کی عمر قید کی سزا کالعدم قرار دیتے ہوئے اسے بری کر دیا، اور مدعی مقدمہ کی نظر ثانی کی درخواست مسترد کر دی۔

بقیہ | بقیہ جات | 43

عوام کی خدمت کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔انہوں نے کہا کہ آنے والے دنوں میں بھرپور سیاسی سرگرمیوں کے لیے حکمت عملی مرتب کی جا رہی ہے جس کا مقصد نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا ہے۔مسلم لیگ (ن) کی قیادت کا واضح پیغام ہے کہ نوجوان ہمارا اثاثہ ہیں جنہیں قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے کئی طرح کے پروگرام شروع کیے گئے ہیں اور ان کے مثبت نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔حمزہ شہباز کھوکھر نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) آئندہ عام انتخابات میں سندھ میں بھی کامیابی حاصل کرے گی اس کے لئے کارکنوں کو ابھی سے تیاریاں شروع کرنی چاہئیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 44

اضافے سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا، فیصلہ ہونے کی صورت میں صارفین پر بجلی کے بلوں کی مد میں اضافی مالی بوجھ پڑنے کا امکان ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 45

عدالت نے بینک ملازم محمد عاطف کی درخواست ضمانت مسترد کر دی جبکہ سم فرنچائز کے مالک محمد عثمان کی بعد از گرفتاری ضمانت دس لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض منظور کر لی۔فیصلے میں کہا گیا ہے کہ جدید بینکاری کے نظام میں کسٹمر ڈیٹا تک رسائی دراصل صارف کے مالی مفادات تک رسائی کے مترادف ہے، اس لیے ایسے ڈیٹا کا غیر قانونی استعمال سنگین جرم ہے، عدالت نے مزید قرار دیا کہ سائبر بینک فراڈ جیسے مقدمات میں ہر ملزم کا کردار الگ الگ شواہد کی بنیاد پر ثابت کرنا ضروری ہوتا ہے۔عدالت کے مطابق ملزمان کے خلاف پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کی درخواست پر نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے مقدمہ درج کیا، استغاثہ کے مطابق ملزمان نے بینک صارفین کا خفیہ ڈیٹا لیک کر کے جعلی سمز جاری کروائیں اور ان سمز کے ذریعے چھ شہریوں کے بینک اکاؤنٹس سے ایک کروڑ چار لاکھ روپے منتقل کیے، سرکاری وکیل نے عدالت کو بتایا کہ یہ ایک منظم سائبر بینک فراڈ تھا جس میں ہر ملزم نے الگ کردار ادا کیا۔استغاثہ کے مطابق بینک کا خفیہ کسٹمر ڈیٹا لیک کیا گیا، اس ڈیٹا کی بنیاد پر جعلی سمز جاری ہوئیں اور بینک ملازم محمد عاطف نے خفیہ معلومات تک رسائی حاصل کر کے فراڈ میں مؤثر کردار ادا کیا، سرکاری وکیل نے مزید موقف اختیار کیا کہ ملزمان پر پیکا کے علاوہ پاکستان پینل کوڈ کی متعلقہ دفعات بھی لاگو ہو سکتی ہیں۔بینک ملازم محمد عاطف کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ صرف بینک ریکارڈ تک رسائی ہونا جرم ثابت کرنے کے لیے کافی نہیں اور استغاثہ کے پاس ایسا کوئی ٹھوس ثبوت موجود نہیں جو ملزم کو فراڈ سے براہ راست جوڑ سکے۔تاہم عدالت نے قرار دیا کہ محمد عاطف کے خلاف بادی النظر میں کافی شواہد موجود ہیں، اس لیے اس مرحلے پر اسے ضمانت کا ریلیف نہیں دیا جا سکتا، چنانچہ اس کی درخواست مسترد کی جاتی ہے۔ملزم محمد عثمان کی جانب سے خادم حسین اور محمد ابرار انور ایڈووکیٹس نے دلائل دیتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ مبینہ جعلی سمز ان کے مؤکل نے جاری نہیں کیں، نہ اس سے کوئی ڈیوائس برآمد ہوئی اور نہ ہی جرم سے حاصل ہونے والی کوئی رقم اس کے قبضے سے ملی۔دفاع کے مطابق ملزم کو مقدمے سے جوڑنے کے لیے براہ راست شواہد موجود نہیں۔عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ محمد عثمان کے خلاف براہ راست شواہد کی مزید جانچ ضروری ہے لہٰذا اسے شک کا فائدہ دیتے ہوئے دس لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض بعد از گرفتاری ضمانت منظور کی جاتی ہے۔جسٹس طارق سلیم شیخ نے یہ اہم قانونی اصول بھی طے کیا کہ بینک صارفین کا خفیہ ڈیٹا قانون کی نظر میں قابل تحفظ جائیداد ہے اور بینک ملازم کی جانب سے اس ڈیٹا کا غیر قانونی استعمال یا اختیارات کا ناجائز استعمال فوجداری بددیانتی کے زمرے میں آ سکتا ہے

بقیہ | بقیہ جات | 46

آزاد ہو کر ہمارے ساتھ پاکستان کا حصہ بنے گا، آزاد کشمیر میں نظریہ پاکستان کے فروغ، امن اور بھائی چارے کے قیام کیلئے نئی حکومت کو اقدامات اٹھانے ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ وزارت عظمیٰ کا فیصلہ نواز شریف کریں گے، نواز شریف کا ہر فیصلہ کشمیر کی بہتری اور خوشحالی کیلئے ہوگا۔راجہ فاروق حیدر الیکشن میں کامیابی کے بعد آبائی علاقے پہنچے تو کارکنوں نے پاکستان اور پاک فوج کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے۔

بقیہ | بقیہ جات | 47

شرکت کیلئے کمپنیوں کو 2 کروڑ روپے کی بڈ سکیورٹی جمع کرانا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق درخواستیں ایڈیشنل ڈائریکٹر لاجسٹکس کو جمع کرانا ہوں گی، جبکہ کراچی ایئرپورٹ پر موجود فلائٹ انفارمیشن ڈسپلے سسٹم پرانا ہو چکا ہے جسے جدید نظام سے تبدیل کیا جائے گا۔

بقیہ | بقیہ جات | 48

ڈسٹری بیوشن سینٹر کا تفصیلی معائنہ کیا۔اس موقع پر انہیں کمپنی کے آپریشنز، جدید ویئر ہاؤسنگ سہولیات، ملک گیر سپلائی نیٹ ورک اور پاکستان کے ساتھ جاری تجارتی روابط کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔سفیر پاکستان نے کیلڈرون ٹیکسٹائلز کے پاکستان کے ساتھ دیرینہ تجارتی تعلقات کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ یہ شراکت داری پاکستان کی ٹیکسٹائل صنعت کے اعلیٰ معیار، قابل اعتماد پیداوار اور عالمی مسابقتی صلاحیت کی عکاس ہے اور پاکستان اور امریکا کے درمیان باہمی مفاد پر مبنی تجارتی تعاون کی ایک بہترین مثال بھی ہے۔رضوان سعید شیخ نے کہا کہ حکومت پاکستان جامع اقتصادی اصلاحات، شفاف اور کاروبار دوست پالیسیوں کے ذریعے دوطرفہ تجارت کے فروغ اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے مزید مواقع پیدا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے نجی شعبوں کے درمیان مضبوط کاروباری روابط نئی تجارتی راہیں ہموار کرنے، دوطرفہ تجارت میں اضافے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ پاکستان اور امریکا کے درمیان سیاسی روابط اور اقتصادی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 49

ور سائبر سکیورٹی پر بھی 80 فیصد کام مکمل کیا جا چکا ہے۔وزیر داخلہ نے اسلام آباد سیف سٹی کے جدید فیوژن سینٹر کو بھی تین ماہ کے اندر مکمل کرنے کا ہدف دیا۔انہوں نے کہا کہ ہمارا عزم اسلام آباد سیف سٹی کو جدید، سمارٹ اور ترقی یافتہ ممالک کی طرز پر عالمی معیار کا ادارہ بنانا ہے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جدید ٹیکنالوجی سے لیس یہ سیف سٹی نظام شہریوں کے تحفظ، جرائم کی مؤثر نگرانی اور ہنگامی صورتحال میں فوری رسپانس کو یقینی بنائے گا۔اجلاس میں وفاقی سیکرٹری داخلہ، ڈائریکٹر جنرل فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ڈی جی ایف آئی اے)، سیف سٹی کے اعلیٰ حکام اور دیگر متعلقہ افسران نے بھی شرکت کی۔

بقیہ | بقیہ جات | 50

ممبر قومی اسمبلی چوہدری مہدی حسن بھٹی، پاکستان تحریک انصاف کے رہنما و سابق ممبر قومی اسمبلی و وزیر ثقافت و یوتھ افیئر ز چوہدری شوکت علی بھٹی، طلحہ احمد چوہدری، معروف بزنس مین و سوشل ورکر شعیب، اویس، عثمان بھی موجود تھے۔دانیال احمد چوہدری نے کہا کہ مضبوط رشتوں کی بنیاد محبت اور اپنائیت پر قائم ہوتی ہے اور زندگی کی حقیقی خوشیاں اس وقت دوبالا ہو جاتی ہیں جب انہیں اپنے عزیز و اقارب اور دوست احباب کے ساتھ مل کر منایا جائے یہی لمحات انسان کی زندگی کا قیمتی سرمایہ اور ہمیشہ یاد رہنے والی خوبصورت یادیں بن جاتے ہیں۔بزرگ سیاستدان سابق ممبر قومی اسمبلی چوہدری مہدی حسن بھٹی نے دانیال احمد چوہدری کی جانب سے پروقار دعوت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس شاندار اور پرتکلف ضیافت کا انعقاد ہمارے باہمی تعلقات کی مضبوطی کا منہ بولتا ثبوت ہے اور اس پراخلاق میزبانی نے دل موہ لیے ہیں۔انہوں نے دانیال احمد چوہدری کی عمدہ مہمان نوازی اور بہترین انتظامات کو سراہا۔اس قسم کے اجتماعات سے باہمی محبت اور دوستی میں اضافہ ہوتا ہے۔میزبان کی صحت، کامیابی اور خوشحالی کے لیے دعا کی۔

بقیہ | بقیہ جات | 51

پیر میں ادا کی گئی جس کے بعد انہیں مقامی قبرستان میں ایک دوسرے کے پہلو میں سپرد خاک کر دیا گیا۔لواحقین کے مطابق جاں بحق ہونے والی خواتین نند بھاوج تھیں۔ان میں 18 سالہ انمول بی بی ایک شیر خوار بچی کی والدہ تھیں جبکہ 20 سالہ آمنہ بھی ایک بچے کی ماں تھیں۔اہل خانہ کے مطابق دونوں خواتین لاہور کے علاقے چونگی امرسدھو میں رہائش پذیر تھیں اور گھوم پھر کر پنسلیں فروخت کر کے گزر بسر کرتی تھیں۔لواحقین کے مطابق ٹاؤن شپ پولیس نے 4 اگست کو دونوں خواتین کو چوری کے الزام میں حراست میں لے کر تھانے منتقل کیا جبکہ 5 اگست کو انہیں تھانے میں مردہ پایا گیا۔اہل خانہ نے واقعے کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے انصاف فراہم کرنے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 52

دیگر کارروائیوں میں راولپنڈی کوریئر آفس میں سعودی عرب جانے والے پارسل میں ایل ای ڈی لائٹس میں پلاسٹک شیٹ میں جذب 36.29 کلو آئس برآمد، راولپنڈی کوریئر آفس میں ایک اور کارروائی میں برطانیہ سے آنے والے پارسل سے 30 گرام ویڈ برآمد، ڈسکہ روڈ سیالکوٹ کے قریب موٹر سائیکل سوار ملزم سے 48 کلوگرام چرس برآمد، ڈسکہ روڈ سیالکوٹ میں ایک اور کارروائی میں موٹر سائیکل سوار ملزم سے 15 کلو آئس، 4.8 کلو ہیروئن برآمد، تھکوٹ ڈسٹرکٹ بٹگرام کے قریب ٹرک سے 18 کلو چرس برآمد کر کے ملزم گرفتار اور سریاب روڈ کوئٹہ بس ٹرمینل کے قریب سپرے مشینوں سے 17 کلو چرس برآمد کر کے ملزم گرفتار کر لیا گیا۔کارروائیوں کا انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 53

لشکر شیخوپورہ (بورڈ آف ریونیو، پنجاب) میں 14 اسٹینوگرافر کی آسامیوں کے لیے 46 امیدواروں اور پنجاب سروس ٹربیونل، ایس اینڈ جی اے ڈی میں 09 اسٹینوگرافر کی آسامیوں کے لیے 43 امیدواروں کو مختلف ٹیسٹوں میں کامیابی کے بعد انٹرویو کے لیے عارضی طور پر اہل قرار دے دیا ہے۔دوسری جانب پنجاب پبلک سروس کمیشن نے آئندہ دو روزہ تحریری امتحانات کا شیڈول بھی جاری کر دیا ہے۔امتحانات میں 34 ہزار 490 امیدوار پنجاب حکومت کے مختلف محکموں میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر، چیف آفیسر، آڈٹ آفیسر، سب انجینئر اور دیگر آسامیوں کے لیے شرکت کریں گے۔کمیشن نے تمام امیدواروں کو ہدایت کی ہے کہ امتحانی مرکز میں داخلے کے لیے اصل شناختی کارڈ ساتھ لانا لازمی ہوگا، بصورت دیگر انہیں امتحان میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ | بقیہ جات | 54

ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سیکورٹی اداروں نے ایک بار پھر بھرپور انداز میں اپنے فرائض ادا کیے ہیں اور فتنہ الخوارج کی سرکوبی کے لیے ان کے مستقل مزاجی سے کیے گئے اقدامات لائق تحسین ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی پر قابو پانے کے لیے اپنے اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہندوستان کی مذموم سرگرمیوں کے سہولت کاروں کا پیچھا جاری رکھا جائے گا۔عبدالعلیم خان نے پاک فوج اور سیکورٹی فورسز کے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان اور ہمارے بہادر جوانوں کا حامی وناصر ہو۔

بقیہ | بقیہ جات | 55

روپے کی لاگت سے سیوریج سسٹم، ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ، طوفانی پانی کی نکاسی، سڑکوں اور گلیوں کی تعمیر، پارکس کی بحالی، مائع فضلہ کی مشینری، ڈسپوزل اسٹیشنز کی سولرائزیشن اور جدید مین ہول کورز کی تنصیب سمیت مختلف منصوبوں پر کام جاری ہے

بقیہ | بقیہ جات | 56

ذریعے ورچوئل خون بینک قائم کر دیا ہے۔مزید برآں، شہری خون کی ضرورت والے مریضوں کے لئے 15 پر کال کریں، فوری مدد ملے گی۔ذرائع کا کہنا ہے کہ پولیس افسران خون دیں تو تعریفی اسناد، ایک ہزار روپے انعام اور ایک دن کی چھٹی ملے گی جبکہ ساتھ ہی ساتھ کالجز اور یونیورسٹیوں میں خون عطیہ کی آگاہی مہم چلائی جائے گی۔مراسلہ کے مطابق ہر ضلع میں ورچوئل خون بینک کے سفیر تعینات کیے جائیں گے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ قائم ورچوئل بلڈ بینک ابتک 72 ہزار سے زائد کیسز میں خون کے حصول کے لئے شہریوں کو سہولت فراہم کر چکا ہے۔حکام کے مطابق سیف سٹی ورچوئل بلڈ بینک کیساتھ ابتک مجموعی طور پر 1 لاکھ 33 ہزار سے زائد بلڈ ڈونرز رجسٹرڈ ہیں۔جو شہری بطور بلڈ ڈونرز رجسٹریشن کروانا چاہتے ہیں یا خون کے حصول کے لئے وہ 15 پر کال کر کے 4 دبائیں ان کو فوری مدد فراہم کی جائے گی۔

بقیہ | بقیہ جات | 57

پر سماعت کی۔ملزمان میں خاتون پولیس اہلکار سیرت طارق، عمران خان، سلمان خوشی، نجف علی اور ذیشان اکرم شامل ہیں۔عدالت نے ملزمان کو شامل تفتیش ہونے کا حکم دے دیا۔تھانہ سرور روڈ پولیس نے مقدمہ درج کر رکھا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 58

افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ 10 اگست 2026ء تک اپنے نئے عہدوں کا چارج سنبھال کر اس کی رپورٹ متعلقہ حکام کو ارسال کریں۔علاوہ ازیں لاہور ہائیکورٹ نے 4 ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کے تقرر و تبادلوں کا بھی نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔محمد نعیم سلیم کو راولپنڈی سے بہاولپور تعینات، محمود ہارون خان کا تبادلہ ٹوبہ ٹیک سنگھ سے فیصل آباد، سید علی عمران کو لاہور سے ٹوبہ ٹیک سنگھ تعینات اور محمد سلیمان کو گجرات سے راولپنڈی منتقل کر دیا گیا۔لاہور ہائیکورٹ نے تمام تبادلوں کو فوری طور پر نافذ العمل قرار دے دیا۔تمام متعلقہ افسران کو 10 اگست 2026ء تک نئی جائے تعیناتی پر چارج سنبھالنے کی ہدایت جاری۔

بقیہ | بقیہ جات | 59

حاصل کرنے والوں کی آمدنی زیادہ ہوتی ہے، ان کو زندگی میں زیادہ مواقع ملتے ہیں اور وہ صحت مند رہتے ہیں۔نوجوان ملکی معیشت کی مضبوطی، ٹیکنالوجی کے فروغ اور قومی ترقی میں کلیدی کردار ادا کریں کیونکہ پاکستان کا روشن مستقبل باصلاحیت نوجوانوں سے وابستہ ہے۔دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کی سینئر نائب صدر راحیلہ اشرف نے سوشل ویلفیئر بیت المال کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔راحیلہ شرف نے سوشل ویلفیئر بیت المال کے وفد کو ادارے کے تمام شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کروایا۔اس دوران انہیں ہیموفیلیا سینٹر، او پی ڈی، مریضوں سے ملاقات، ڈاکٹرز سے تعارف، مختلف فلاحی منصوبوں، کمپیوٹر کورس کرنے والے طلبہ، تعلیمی وسماجی سرگرمیوں اور ادارے کی عوامی خدمت کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ کیا گیا۔اس تعلیمی وزٹ کا مقصد طلبہ کو عملی میدان میں سماجی خدمات، صحت، تعلیم اور فلاحی سرگرمیوں سے روشناس کروانا تھا تاکہ وہ انسانیت کی خدمت کے جذبے کو مزید بہتر انداز میں سمجھ سکیں۔دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کی جانب سے سوشل ویلفیئر بیت المال کے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ یہ تعلیمی دورہ ان کی عملی زندگی میں ایک مثبت اور یادگار تجربہ ثابت ہوگا۔

بقیہ | بقیہ جات | 60

اداروں کو ہدایت کی ہے کہ گرمیوں کی چھٹیوں سے متعلق جاری احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

روزنامہ
MUAWAN-E-WUAKLA
بانی
علی ہادی کوثر
معاون وکلاء
چیف ایڈیٹر
سیدہ عاقبہ بتول
ایڈیٹر
روحیل اکبر
پاکپتن

اشاعت خاص

تحریر، روحیل اکبر

ہمارے تھانے
رتناء کے اڈے یا عقوبت خانے؟

پولیس اسٹیشنوں میں مردوں سمیت عورتوں پر تشدد اور پھر موت سمیت کیا کیا ظلم ہو رہے ہیں

وردی کا ظلم

وردی انسانیت پر بھاری، تشدد اور بربریت جاری

حراست میں موت

پولیس حراست میں مشتبہ افراد کی ہلاکتیں

تھانوں میں زنا

بے سہارا خواتین کے ساتھ شرمناک زیادتیاں

عورتوں پر ظلم

خواتین کو ہراساں کرنا، مارنا معمول بن چکا ہے

مردوں پر تشدد

بے گناہ شہریوں کو تشدد کا نشانہ بنایا جا رہا ہے

پاکستان کی دو بہنیں پنسٹبل فروخت کر کے گزر اسر کرتی تھیں پولیس حراست میں مبینہ ہلاکت

لاہور میں پاکپتن کی دو بہنوں کی پولیس احراست میں مبینہ ہلاکت نے مرتبہ پھر تصدیق کی ہے یہ واقعہ صرف دو نوجوان بہنوں کی موت کا معاملہ نہیں بلکہ اس سوال کا نام ہے کہ ریاست کے دو ادارے جنہیں مجرموں کی بیخ کنی، حفاظت اور آزادی کا محافظ بنایا گیا اگر وہ انہیں ادارے کی تحویل میں شہریوں کی جانیں محفوظ نہ رہیں تو پھر عام آدمی کہاں جائے؟

پنجاب کے مختلف واقعات - سوالیہ نشان

عام شہری کی حالت

غریب، مزدور، رکشہ ڈرائیور، ریڑھی بان کے ساتھ روزانہ ظلم و تشدد

دیپالپور

گریڈ 18 کے کے افیسر کے ساتھ مبینہ بدسلوکی اور 18 جمعتروں کی سلامی کا معاملہ

لاہور کینٹ

اٹارنی جنرل کے گھر میں داخل ہو کر خواتین سے مبینہ بدتمیزی، ایس ایچ او سمیت اہلکاروں پر مقدمہ درج

تھانہ غازی آباد، لاہور

ذہنی معذور لڑکی کے ساتھ مبینہ جنسی زیادتی کا الزام

ہمارا مطالبہ

- ☆ پولیس حراست میں موت کے ہر واقعہ کی آزادانہ، شفاف اور غیر جانب دار تحقیقات کی جائیں
- ☆ تمام تھانوں میں سی سی ٹی وی کیمروں کی فعال نگرانی یقینی بنائی جائے
- ☆ مجرم پولیس اہلکاروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی اور قرار واقعی سزا دی جائے
- ☆ تھانہ کلچر میں فوری اصلاحات اور انسانی حقوق کی پاسداری کو یقینی بنایا جائے
- ☆ عوام کے اعتماد کی بحالی کے لیے پولیس کو عوام دوست بنایا جائے

اگر تھانے ہی محفوظ نہ ہوں تو عام آدمی کہاں جائے؟
انصاف، شفافیت اور انسانی آبرو کی بحالی کے لیے آواز بلند کریں!

سیدہ عاقبہ بتول نے ایم آر جمیل پرنٹرز جمیل ٹاور دربار مارکیٹ لاہور سے چھپوا کر H1-14 واپڈا ٹاؤن لاہور سے شائع کیا پاکپتن دفتر۔ الکمال منزل کمیر روڈ پاکپتن نمبر۔ 03004821200